'برھان قاطع' کے حاشیہ نگار ڈاکٹر محمد معین مرحوم نے متعدد ماہرین لسانیات کے حوالہ سے اس کی مختلف صورتیں بیان کرنے کے بعد ' افادات شفاھی استاد ھنینک' کے حوالہ سے لکھا ہے کہ اس کا مادہ 'دِ' (di) ہے جو دیکھنا کے معنی میں آتا ہے۔ چنانچہ 'آینہ' کے معنی ہیں 'آلتی کہ خودرا دران بینند' یعنی وہ آلہ جس میں اپنے آپ کو دیکھتے ہیں۔

ان شواہد سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس کا مأخذ 'آہن' قرار دینا مناسب نہیں ہے، کیونکہ 'آہن' میں اور اس میں جو مشابہت پائی جاتی ہے وہ محض ظاہری اور اعتباری ہے۔ ان میں کوئی معنوی اشتراک موجود نہیں ہے۔ مگر 'آیین' میں اور 'آینہ' میں صوری کے ساتھ ساتھ معنوی اشتراک بھی موجود

ہے ۔ 'آیین' کے مجازی معنی زیب و زینت اور اصلی معنی دیکھنا دونوں ہی کا اطلاق آینہ پر ہو سکتا ہے ۔ آینہ دیکھنے کی چیز تو ہے ہی اور اس سے زیب و زینت میں بھی مدد لی جاتی ہے ۔ چنانچہ یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ 'آینہ' کی اصل 'آیین' ہے نہ کہ 'آہن' ۔

استاد : اس لفظ کو عموماً عربی لفظ سمجھا جاتا ہے ۔ بعض کتب لغت میں بھی اسے عربی ظاہر کیا گیا ہے ۔ نوراللغات میں 'استاد' کا اندراج عربی لفظ کی حیثیت سے ہوا ہے ۔ میں نے خود فارسی تحریروں میں اس کی جمع 'اساتید' جو عربی قاعدہ کے مطابق ہے ، استعمال ہوتے دیکھی ہے ۔ اس سے یہی خیال پیدا ہوتا ہے کہ یہ عربی لفظ ہے ۔ حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے ۔ 'استاد' فارسی لفظ ہے ۔

پہلوی اور پازند میں یہ 'اوستات' (OSTAT) کی صورت میں ملتا ہے ۔ یہ 'او' اور 'ستات' سے مرکب ہے ۔

اس کا جزو اول 'او' سابقہ ہے جس کے معنی ہیں آگے یا اول اور جزو ثانی مصدر 'ستا' (sta) یعنی ایستادن ہے ۔ اس ترکیب کے لفظی معنی آگے کھڑا ہونے والا یا پہلے کھڑا ہونے والا ہیں یعنی یہ عربی امام یا مقتدا کا ہم معنی ہے ۔ یہی اوستات فارسی میں اوستاد کی صورت اختیار کر گیا، جس کی تخفیف 'استاد' اب زیادہ مستعمل و متداول ہے ۔ اس کا معرّب 'استاذ' (بذال معجمہ) ہے، جس کی عربی جمع ' اساتذہ' ہے ۔ اس کی جمع 'اساتید' غلط ہے ۔ یہ اصلاً فارسی لفظ ہے، اس کا حرف آخر دال مہملہ ہے جو تائے مثناۃ فوقانیہ کا بدل ہے ۔ عربی میں جا کر دال مہملہ ذال معجمہ سے بدل گئی ہے ۔ یزدی تہرانی لہجے میں یہ 'اوسا' (usa) اور گیلکی میں 'اوستا' (usta) کی صورت میں مستعمل ہے ۔ ان صورتوں کو اوستات یا اوستاد کی

تخفیف سمجھا جا سکتا ہے ۔ یہی رائے 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار ڈاکٹر محمد معین کی ہے ۔ حاصل کلام یہ کہ 'استاذ' بذال معجمہ کو اس کے معرّب ہونے کی وجہ سے عربی کہا جا سکتا ہے، مگر 'استاد' (بدال مہملہ) کو عربی سمجھنے کا کوئی جواز نہیں ہے ۔

اسطرلاب ۔ اصطرلاب: اکثر اہل لغت نے اسے یونانی الاصل قرار دے کر 'اسطر' یعنی ترازو اور 'لاب' یعنی آفتاب سے مرکب بتایا ہے ۔ گویا اس مرکب کے لفظی معنی ترازوے آفتاب ہیں ۔ یہی رائے مؤلفِ 'برہان قاطع' کی ہے ۔ بہار عجم اور فرہنگ عمید میں بھی اس کی یہی وجہ اشتقاق بتائی گئی ہے ۔ جس کی تائید امیر خسرو کے ان شعروں سے بھی ہوتی ہے :

بیونانی اسطر ترازو بود
که در سکّهٔ عدل ساز او بود
وگر معنیم باز پرسی ز ,لاب،
بود ہم بگفتار روم آفتاب
چون این نام ہارا به پیوند راست
بترکیب موزون سطرلاب خاست
پس آنکو مراد از سطرلاب جُست
ترازوی خورشید باشد درست

امیر خسرو کے یہ اشعار 'آئینہ سکندری' میں شامل ہیں ۔ ان اشعار کے مطابق 'اسطر' یونانی لفظ ہے جس کے معنی ترازو ہیں اور 'لاب' رومی لفظ ہے جو سورج کے معنی میں ہے ۔ گویا یہ لفظ یونانی اور رومی کا مرکب ہے ۔

مگر حقیقت یہ نہیں ہے اس کی اصل یونانی لفظ ASTROLABOS ہے جو ASTRON بمعنی ستارہ اور LAMBANIEN بمعنی گرفتن سے مأخوذ ہے ۔

گویا اس ترکیب کے لفظی معنی 'تقدیر ستارگان' ہیں ۔ اس سلسلہ میں 'برہان قاطع' کے حاشیہ میں ابو ریحان کی کتاب 'التفہیم' سے یہ اقتباس درج ہے :

'اسطرلاب : این آلتی است یونانیان را، نامش اسطرلابون ای آئینۂ نجوم و حمزہ اسپاہانی اورا از پارسی بیرون آورد کہ نامش 'ستارہ یاب' است'

اس اقتباس سے اس کے یونانی اسطرلابون یا فارسی ستارہ یاب سے مأخوذ ہونے کا اظہار ہوتا ہے ۔ تاہم محققین کی اکثریت اس کے یونانی الاصل ہونے پر متفق ہے ۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ اصلاً یونانی نہیں بلکہ معرّب ہے ۔ جو فارسی میں بھی معرّب لفظ کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے ۔

اس کے موجد کے متعلق بھی مختلف آراء ملتی ہیں ۔ 'برہان قاطع' میں اس کے موجد کے متعلق دو اقوال پیش کئے گئے ہیں ۔ پہلے قول کے مطابق یہ حضرت ادریس علیہ السلام کے بیٹے کی ایجاد ہے، مگر دوسرے قول کے مطابق اس کی ایجاد کا سہرا ارسطا طالیس کے سر باندھا گیا ہے ۔ 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار ڈاکٹر محمد معین مرحوم نے اس کے موجد کے بارہ میں تیسرا نظریہ یہ پیش کیا ہے کہ یہ معروف ریاضی دان ابرخس (HIPPARXOS) سے منسوب ہے جس کا زمانہ دوسری صدی قبل مسیح ہے ۔

اگر یہ لفظ اصلاً یونانی ہے تو اس کا موجد بھی کوئی یونانی ہی ہونا چاہیے ۔ اس لئے حضرت ادریس کے بیٹے کا نام تو خارج از بحث ہے ۔ ارسطالیس اور ابرخس میں سے کوئی ایک شخص اس کا موجد ہو سکتا ہے

اسکندر: اس کے متعلق تو کوئی شبہ نہیں کہ ,اسکندر، کا تعلق یونان سے تھا ۔ اس لئے اس نام کی اصل بھی یونانی ہونی چاہیے ۔ جب ہم یونانی کی طرف رجوع کرتے ہیں تو معلوم ہوتا

ہے کہ یونانی میں ALEXANDROS تھا ۔ جو ALEXO (مدد کیا گیا) اور ANDROS (مرد) سے مرکب ہے ۔ اس لئے اس ترکیب کے معنی امداد یافتہ مرد ہونگے ۔ یہی انگریزی میں جا کر ALEXANDER (الکزنڈر) کی صورت اختیار کر گیا ۔ مگر عربی اور فارسی میں 'اسکندر' استعمال ہوتا ہے، جس میں الکزنڈروس یا الکزنڈر سے صوتی مشابہت کا فقدان ہے ۔ حالانکہ نام کی صورت میں ایسی مشابہت ہونی چاہیے ۔ حقیقت یہی ہے کہ جب اس نام کی تعریب کی گئی تو یہ مشابہت موجود تھی ۔ اس کا اصلی معرّب 'الاسکندر' ہے ۔ اس میں 'ال' جزو لفظ اور اصلی تھا، مگر بعد کے لوگوں نے اس 'ال' کو تعریفی اور زائد خیال کیا ۔ چنانچہ 'ال' دور کیا گیا تو 'اسکندر' رہ گیا جو مشہور ہو گیا۔ چنانچہ اب عربی ، فارسی اور اردو میں ' اسکندر' ہی مستعمل ہے اور اس کا مخفف ' سکندر' بھی استعمال ہوتا ہے ۔ حالانکہ اصلاً یہ 'الاسکندر' تھا ۔ مگر اب چلن کے مطابق 'اسکندر' اور 'سکندر' ہی درست ہیں ۔ تاہم یہ صورت محققین کو شبہ میں ضرور ڈال دیتی ہے ۔

انجمن: اس لفظ کو عربی 'انجم' سے مأخوذ سمجھا جاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے ۔ اس کی اصل 'ہم گمن' ہے، جس کے معنی 'باہم آمدن' ہیں ۔ یہ 'ہم' اور 'گم' یعنی آمدن سے مرکب ہے ۔ چنانچہ اوستائی زبان میں یہ ' ہنج منہ' (hanjmana) اور پہلوی میں ہنجمن (hanjaman) کی صورت میں استعمال ہوا ہے ۔

اوباش: اس لفظ کو عموماً فارسی سمجھا جاتا ہے ۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ فارسی میں مصدر 'اوباشتن' ملتا ہے، اس لئے بعض لوگوں نے اسے 'اوباشتن' سے مشتق خیال کیا ۔ مگر اس کے اور

اوباشتن کے معنی میں کوئی اشتراک نہیں ہے 'اوباش' ذلیل اور گھٹیا شخص کے معنی میں مستعمل ہے اور مصدر اوباشتن کے معنی پرکردن و افگندن ہیں۔

بعض اہل لغت نے اسے 'بوش' سے مأخوذ قرار دیا ہے۔ اصل میں یہ عربی لفظ 'وبش' کی جمع ہے۔ عربی میں 'وبش' گھٹیا اور رذیل کے معنی میں مستعمل ہے۔ 'بوش' بھی اسی 'وبش' کی مقلوب صورت ہے۔ یعنی 'اوباش' جو عربی میں جمع ہے فارسی میں واحد کے طور پر مستعمل ہے۔ اس سے فارسی قاعدہ کے مطابق اوباشانہ اور اوباشی بھی وضع کر لئے گئے۔

فارسی میں اس کا صرف اتنا تصرف ہوا ہے کہ جمع کی بجائے بطور واحد استعمال ہوتا ہے، لیکن معنوی لحاظ سے اس میں تصرف نہیں کیا گیا۔ چنانچہ فارسی میں بھی یہ اپنے اصلی معنی میں مستعمل ہے۔

بازار: اسے 'ابا' یعنی شوربا اور زار لاحقہ ظرف مکان، سے مرکب بتایا گیا ہے، جس کے مجموعی معنی شوربا فروخت ہونے کی جگہ ہیں۔ چنانچہ 'بہار عجم' میں مذکور ہے: 'ظاهراً دراصل ابازار بوده زیرا که در چنین جاها اکثر اطعمه واباها میفروخته اند۔ و بمرور ایام بمعنی مطلق جای فروختن استعمال یافته و همین شهرت دارد'۔

'برهان قاطع' کے حاشیہ نگار نے حاشیہ میں 'بازار' کا اندراج کر کے اس کی پہلوی صورت VACAR بتائی ہے۔ جو قدیم فارسی abacari سے مأخوذ ہے۔ abacari مرکب ہے 'ابا' بمعنی اجتماع کی جگہ اور cari بمعنی چریدن سے۔ یعنی چرنے کا مقام۔ جو کھانے پینے کی چیزوں اور دوسری اشیاء کی خرید و فروخت کے مقام کے معنی میں رواج پا گیا۔ فرانسیسی میں بھی بازار

استعمال ہوتا ہے، جو پرتگالی سے لیا گیا ہے، مگر پرتگالی میں یہ فارسی سے گیا ہے۔

بت: بعض محققین کے خیال میں یہ 'بدھ' سے مأخوذ ہے۔ ایک زمانہ میں جب بدھ مت کا زور تھا تو مہاتما بدھ کے مجسمے جا بجا ملتے تھے۔ ان مجسموں کو بھی بدھ کہتے تھے کیونکہ یہ بدھ ہی کی شبیہ تھے، اس لئے اہل ایران 'بدھ' کو مجسمہ کا مترادف خیال کرنے لگے۔ یہی بدھ لہجہ کے اختلاف کے سبب فارسی میں بت کی صورت میں رائج ہو گیا۔ 'نفس' میں 'بت' کا معرب 'بد' بتایا گیا ہے، اگر یہ درست ہے تو اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے کہ اصلاً یہ بدھ ہے۔

دوسرا نظریہ یہ ہے کہ اس کا مأخذ اوستائی لفظ BUITI ہے، جو ایک دیو کا نام ہے۔ اوستا میں تین بار 'بوئیتی دیو' کا لفظ آیا ہے، جس سے مراد وہ دیو ہے جو لوگوں کو بت پرستی کے عقیدہ پر مائل کرتا تھا۔ اس لفظ کی اصل سنسکرت بھوت ہے۔

محققین کی اکثریت اس کا مأخذ 'بدھ' ہی قرار دیتی ہے اور قرائن سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کیونکہ اگر اس کا مأخذ سنسکرت بھوت یا اوستائی بوئیتی ہوتا تو یہ مجسمہ یا صنم کے معنی کی بجائے دیو کے معنی میں مستعمل ہوتا۔ البتہ بدھ کے مجسمہ کو بدھ کہنا اور پھر اس سے مطلق مجسمہ مراد لینا قرین قیاس ہے۔ 'نفس' اور دائرۃ المعارف اسلام سے بھی اسی نظریہ کی تائید ہوتی ہے۔

بدرقہ: بعض ماہرین اسے فارسی لفظ قرار دیتے ہیں اور دوسرے اسے عربی بتاتے ہیں۔ مثلاً اردو لغت بورڈ کراچی کی اردو لغت میں اس کو 'بد+رہ+ہ' (بدریہ) کا مأخذ بتایا ہے۔ جان، ٹی پلیٹس کی لغت میں بھی اس کا اندراج

فارسی لفظ کے طور پر ہوا ہے۔ نوراللغات میں بھی اسے 'بدرہہ' کا معرّب ظاہر کیا گیا ہے۔ فرہنگ عمید میں اگرچہ اس کا اندراج عربی لفظ کی حیثیت سے ہوا ہے، مگر اس کے اشتقاق کی طرف اشارہ نہیں کیا گیا، اس لئے یہ عین ممکن ہے کہ مولف نے بھی اسے معرّب لفظ سمجھا ہو۔ معرّب الفاظ کا اندراج بھی بہر صورت عربی الفاظ کی حیثیت سے ہوتا ہے۔ جب تک کسی معرّب لفظ کے مأخذ یا اشتقاق کا ذکر نہ کیا جائے یہ معلوم ہونا مشکل ہے کہ یہ عربی کا اصلی لفظ ہے یا غیر زبان کا لفظ ہے، جو عمل تعریب سے عربی بنا لیا گیا ہے۔ اس لفظ کی اصلیت کا فیصلہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے اس کے مبینہ فارسی مأخذ پر ایک نظر ڈال لی جائے۔ جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے اردو لغت بورڈ کی لغت میں اسے 'بد+رہ+ہ' سے مرکب قرار دیا گیا ہے اور اس کے لفظی معنی مالک راہ بتائے ہیں۔ اب اس ترکیب پر نگاہ غائر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ فارسی میں 'بد' صاحب و خداوند کے معنی میں ملتا ہے۔ اس کی اصل 'بد' بالفتح ہے۔ اس کی اصل اوستائی PATI یعنی مولیٰ و صاحب ہے۔ سنسکرت میں بھی 'پتی' ان ہی معنی میں ملتا ہے۔ پہلوی میں یہ پَت (PAT) کی صورت می مستعمل ہے، جو فارسی میں 'بد' کی صورت اختیار کر گیا۔ بعد میں غالباً 'بَد' بمعنی زشت و ناخوب سے ممیز کرنے کے لئے بالضم 'بُد' استعمال کیا جانے لگا۔ چنانچہ ' برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے 'مزدیسنا' کے حوالے سے لکھا ہے: 'در فارسی بد (اصلاً بفتح باء ولی امروز بضم تلفظ کنند) چون: سپہبُد، موبُد، گہبُد، ماربُد، ہیربُد' فارسی میں یہ بَد یا بُد لاحقہ کے طور پر استعمال ہوا ہے، جیسا کہ سپہبد اور موبُد وغیرہ میں استعمال ہوا ہے۔

'بدرھہ' کی ترکیب میں یہ لاحقہ نہیں بلکہ سابقہ کے طور پر استعمال ہوا

ہے ۔ مگر اس صورت میں یہ ترکیب 'بدرہ' ہونی چاہئے تھی ۔ 'بدربہ' کی صورت میں اس کے معنی راہ کا مالک نہیں ہو سکتے، کیونکہ موجودہ ترکیبی صورت میں 'ربہ' بطور صفت استعمال ہوا ہے، اس لئے اس کے معنی مالک کی راہ والا ہونگے ۔ گویا یہ ترکیب نحوی اور معنوی ہر لحاظ سے غلط ہے ۔ اس لئے 'بدربہ' کو اس کی اصل سمجھنا ہی غلط ہے ۔

اب آئیے دوسرے نظریہ کی طرف ۔ اسے معرّب سمجھنے سے تو بات نہیں بنتی، کیونکہ اس صورت میں اسے فارسی الاصل قرار دینا پڑے گا اور وہی صورت پیدا ہو گی جس پر بحث ہو چکی ہے ۔

دراصل یہ ذال معجمہ سے 'بذرقہ' ہے ، جس کا مادّہ 'بذرق' ہے ۔ عربی میں 'بدرق' نگہبانی کے معنی میں آتا ہے، جو راہنما اور دیدبان کے معنی میں مستعمل ہے ۔ چنانچہ عربی 'بذرق' کو اس کا مادہ قرار دینے کی صورت میں تمام اشکالات دور ہو جاتے ہیں ۔ عربی 'بدرقہ' کا فارسی میں جا کر 'بذرقہ' ہونا بھی بعید از قیاس نہیں ہے ۔ فارسی اور عربی میں دال مہملہ اور ذال معجمہ کا تبادل بھی عام ہے ۔ اگر متعدد فارسی الفاظ کی دال مہملہ عربی میں جا کر ذال معجمہ سے بدل سکتی ہے تو عربی الفاظ کی ذال معجمہ بھی فارسی میں جا کر دال مہملہ سے بدل سکتی ہے ۔ حقیقت یہی ہے کہ یہ اصلاً عربی 'بذرقہ' ہے، جو فارسی میں 'بدرقہ' کی صورت میں استعمال ہوتا ہے ۔ اسے تصرف بھی کہہ سکتے ہیں اور تصحیف بھی، جو غلط العام بن کر رواج پا گئی ۔ وجہ کچھ بھی ہو اس کی اصل 'بذرقہ' ہی درست قرار پاتی ہے ۔

تپانچہ، تپنچہ، طبانچہ: فارسی میں یہ ان تین املائی صورتوں میں مستعمل ہے ۔ معنوی لحاظ سے یہ دو معنوں یعنی تھپڑ اور پستول کے معنی

میں مستعمل ہے ۔ تھپڑ کے معنی میں نوراللغات میں اسے 'توان+چہ' سے مأخوذ قرار دیا ہے ۔ بہار عجم میں بھی اس کی یہی وجہ اشتقاق بتائی گئی ہے ۔ چنانچہ 'بہار عجم' میں مرقوم ہے: 'طبانچہ: رسم خط است و اصلش توانچہ بفوقانی از توان بمعنی زور و قوت و چہ کہ کلمہ نسبت است' عمید نے اسے 'تہ پنجہ' سے مأخوذ قرار دیا ہے اور توانچہ کو اس کا مبدّل قرار دیا ہے ۔ چنانچہ فرہنگ عمید کا اندراج یہ ہے '۰۰۰ تپنچہ و توانچہ ہم گفتہ شد ۔ دراصل تہ پنجہ بودہ' معنوی لحاظ سے عمید کا بیان کردہ اشتقاق قرین قیاس ہے ۔ لفظی اور ترکیبی لحاظ سے بھی یہ بعید از قیاس نہیں کہ کثرت استعمال سے 'تہ' کی ہاے ہوز ساقط ہو گئی ہو اور اس میں 'تپنجہ' باقی رہ گیا ہو ۔ جیم فارسی اور جیم تازی کا تبادل بھی خلاف قیاس نہیں ہے ۔ جہاں تک اس کے دوسرے معنی یعنی پستول کا تعلق ہے تو عمید نے ان معنی کا ذکر تو کیا ہے، مگر اس کے اشتقاق کے معاملہ میں خاموشی اختیار کی ہے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ ان معنی میں اس کی اصل 'تفنگچہ' ہے جو تخفیف کے بعد 'تفنچہ' ہوا ۔ اس کی 'فا' بائے فارسی سے مبدّل ہو گئی تو تپنچہ رہ گیا ۔ فارسی میں 'فا' اور بائے فارسی کا تبادل بھی عام ہے ۔ مثلاً سپید اور سفید، پالودہ اور فالودہ ۔

جہاں تک 'تپانچہ' کا تعلق ہے تو یہ 'تپنچہ' کا اشباع ہے اور 'طبانچہ' کو متعربین کی کارفرمائی سمجھنا چاہیے ۔

تنبور، طنبور: طنبور کے متعلق تو اہل لغت کا اتفاق ہے کہ 'طنبور' معرّب ہے 'تنبور' کا اور 'تنبور' فارسی ہے ۔ البتہ 'تنبور' کے اشتقاق کے متعلق اہل لغت میں اختلاف ہے ۔ مولفِ 'غیاث اللغات' کی رائے میں اس

کی اصل ہندی 'تونبرہ' ہے۔ تونبرہ دراصل 'تونبڑا یا تومڑا' ہے، جو فارسی طرز املا کے مطابق 'تونبرہ' لکھا گیا ہے۔

بعض محققین کے خیال میں اس کی اصل 'دنبرہ' ہے، جو اصلاً 'دُم برہ' ہے، چونکہ اس کی شکل دنبہ کی چکّی سے ملتی جلتی ہے، اس لئے اس کا نام 'دنبرہ' رکھا گیا جو کثرت استعمال سے تنبورہ یا تبور کی صورت اختیار کر گیا۔ 'بہار عجم' میں ان دونوں باتوں کا ذکر ہے۔ 'بہار عجم' میں طنبور، طنبورہ، طنبار درج کر کے حسب ذیل الفاظ میں تشریح کی گئی ہے: 'معرّبِ تونبرہ کہ لغت ہندی است بمعنی کدوی تلخ وچون این ساز دراصل از کدو ساختہ اند بمجاز بہمان نام شہرت گرفتہ از عالم تسمیۃ الشی باسم مادتہ۔ ورشیدی گوید معرّب دم برہ زیرا کہ شبیہ است دُم برہ والاول ھوالحق'

اس میں شک نہیں کہ فارسی میں دنبرہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ 'برہان قاطع' میں 'دنبرہ' درج ہے اور اسے دنبۂ برہ (یعنی دنبہ کی چکی) سے مشتق قرار دیا ہے اور مشابہت کی وجہ سے اس کو 'تنبور' کی اصل بتایا ہے۔ مگر حاشیہ نگار نے اس وجہ کو اشتقاق کو عامیانہ قرار دیا ہے۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ وجہ اشتقاق محض تکلف ہے۔ محض دنبہ کی چکی سے کسی قدر مشابہت کی بنا پر اس ساز یعنی تنبور کو دم برہ یا دنبرہ سے مأخوذ قرار دینا قرین قیاس نہیں ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ اس کی اصل اردو یا ہندی لفظ تونبڑا ہے، جو تلخ کدو کے معنی میں مستعمل ہے، چونکہ یہ ساز تونبڑے سے بنایا جاتا تھا اس لئے اس کا نام بھی تونبڑا پڑ گیا۔ تونبڑا کو تونبا بھی کہتے ہیں، چنانچہ پنجابی میں آج بھی اس ساز کا نام 'تونبا' ہے۔ چنانچہ پنجابی کے ایک مشہور لوک گیت کا ایک بول یوں ہے

تار بنا تونبا وجدا نا

اس سے بھی اس کے تونبے یا تونبڑے سے مأخوذ ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ یہی تونبڑا حب فارسی طرز املا میں لکھا جائے گا تو 'تونبرہ' کی صورت میں مرقوم ہو گا۔ اس 'تونبرہ' کی مبدّل صورت 'دنبرہ' ہو سکتی ہے۔ یہی 'تونبرہ' 'تنبورہ' اور اس کا مخفف 'تنبور' ہو سکتا ہے۔ اور معرّب صورت 'طنبور' ہو سکتی ہے۔ اس لئے 'تنبورہ' کی اصل 'تونبڑا' معنوی اور صوری بر لحاظ سے اقرب الی الصّواب ہے۔

تنور: برہان قاطع میں 'تنور' کو عربی، فارسی اور ترکی زبانوں کا مشترکہ لفظ قرار دیا گیا ہے۔

عربی میں 'تنور' بہ تشدید نون ہے، مگر فارسی میں یہ تخفیف نون مستعمل ہے۔ 'بہار عجم' میں بھی اسے عربی، فارسی اور ترکی کا مشترکہ لفظ قرار دیا گیا ہے۔ فرہنگ عمید میں اس کا اندراج فارسی لفظ کے طور پر ہوا۔

ڈاکٹر محمد معین مرحوم نے برہان قاطع کے حاشیہ پر اس لفظ پر مختلف ماہرین لسانیات کے حوالوں سے مفصل بحث کی ہے، جس سے اس لفظ کی حقیقت معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ چنانچہ اس بحث کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔

لغویان عرب اس لفظ کو دخیل سمجھتے ہیں۔ چنانچہ اصمعی نے سیوطی کی 'المزہر' کے اندراج سے اتفاق کرتے ہوئے اس لفظ کو عربی میں فارسی کا دخیل لفظ تسلیم کیا ہے۔ ابن درید کا بھی جوالیقی کی 'المعرّب' کے حوالہ سے یہی قول بتایا گیا ہے۔ ثعالبی نے 'فقہ اللغہ' میں اسے فارسی اور عربی کے مشترکہ الفاظ میں شمار کیا ہے۔ اکدی زبان میں یہ لفظ TINURU کی صورت میں ملتا ہے۔ چونکہ سامی زبانوں میں اس لفظ کے مادہ کا ثبوت

نہیں ملتا، اس لئے مسلم لغویوں نے اسے ایرانی زبانوں سے مأخوذ قرار دیا ہے ۔ فرینکل (FRAENKEL) کا خیال ہے کہ اس کی اصل آرامی لفظ 'تنورا' ہے ۔ آرامی خود اصلاً عجمی یا ایرانی زبان ہے ۔ چنانچہ آرامی سے یہ لفظ اوستا میں تنورہ (TANURA) کی شکل میں استعمال ہوا ہے ۔ جہاں سے پہلوی میں تنورہ (TANURA) کی صورت میں رائج ہوا جو عبرانی میں 'تنّور' اور عربی میں بھی 'تنّور' کی صورت اختیار کر گیا ۔

جفری کی رائے ہے کہ یہ لفظ نہ ایرانی ہے نہ سامی ، البتہ ایران شناس اسے سامی الاصل سمجھتے ہیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ کلمہ اس قوم سے تعلق رکھتا ہے جو سامی اور ہند یورپی اقوام سے قبل اس علاقہ میں آباد تھی ، جس پر بعد میں ایرانیوں اور سامیوں نے قبضہ کر لیا ۔ اور اسے اپنے اصلی معنی میں قبول کر لیا ۔

یہ لفظ 'المنجد' میں سریانی زبان سے مأخوذ قرار دیا گیا ہے ۔ بہر حال اتنا ثابت ہے کہ یہ لفظ قدیم الایام سے ایرانی اور سامی زبانوں میں تلفظ اور لہجہ کے تھوڑے سے فرق کے ساتھ اصلی معنی میں مروج ہے ۔ اس لئے جفری کی رائے حقیقت سے قریب معلوم ہوتی ہے ۔

خرابات: بعض اہل لغت نے اسے فارسی بتایا ہے اور دوسروں نے عربی ۔ عام خیال یہی ہے کہ یہ عربی 'خرابہ' کی جمع ہے ۔ چنانچہ ڈاکٹر ایس ۔ ڈبلیو فیلن اور جان ٹی پلیٹس کی یہی رائے ہے ۔ مگر عربی میں 'خرابہ' بالضم بمعنی سوراخ ہے ۔ جس کا اس خرابہ سے کوئی معنوی رشتہ نہیں ہے ۔ فارسی میں البتہ 'خرابہ' بالفتح بمعنی ویرانہ ملتا ہے ۔ لیکن یہ فارسی کا اپنا لفظ نہیں ہے، چنانچہ برہان قاطع کے حاشیہ نگار نے بہار کی 'سبک شناسی' کے حوالہ سے بتایا ہے کہ یہ لفظ قدیم تصانیف میں نہیں آیا ۔ پہلی بار سنائی اور

دوسرے عرفا کے کلام میں دیکھا گیا ہے۔ اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ اصلاً یہ فارسی لفظ نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس کی اصل عربی لفظ 'خربہ' (KHARIBA) بمعنی ویرانہ ہے اور اس کی جمع 'خربات' (KHARIBAT) ہے، جو فارسی میں 'خرابہ' اور 'خرابات' کی صورت میں اپنے اصلی معنی کے علاوہ مجازاً فسق وفجور کے مقام مثلاً میخانہ، قمار خانہ وغیرہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

درویش: عام بول چال میں اس لفظ کے دو تلفظ کئے جاتے ہیں، جو اہل لغت میں اس کی اصل سے متعلق اختلاف کا نتیجہ ہیں۔

اگرچہ اکثر لوگ اسے بفتح اول 'دَرویش' (DARVESH) بولتے ہیں لیکن بعض لوگ بضم دال مہملہ 'دُرویش' (DURVESH) تلفظ کرتے ہیں۔ یہی حال اہل لغت کا ہے۔ اردو کی مشہور لغت 'نوراللغات' میں اس کے تین ممکنہ مأخذ مذکور ہیں۔ یعنی ۱۔ دریوش، دریوز۔ ۲۔ درآویز ۳۔ دُر + ویش۔ 'غیاث اللغات' کا اندراج بھی یہی ہے۔ گمان غالب ہے کہ 'نوراللغات' کا اندراج 'غیاث اللغات' ہی سے مأخوذ ہے۔

'دُرویش' بضم اول کی توجیہ یہ کی جاتی ہے کہ یہ 'دُر' (موتی) اور 'ویش' جو مزید علیہ ہے 'وش' (مانند) کا، سے مرکب ہے۔ اس صورت میں اس کے لغوی معنی موتی کی مانند ہوں گے۔ مگر یہ لفظ جن معنی میں استعمال ہوتا ہے وہ ان معنی سے کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ یہ لفظ بالاتفاق فقیر اور گدا کے معنی میں مستعمل ہے۔ ظاہر ہے ان معنی میں اسے 'دُرویش' یعنی موتی کی مانند سمجھنے کا کوئی قرینہ موجود نہیں ہے۔ اہل لغت اور محققین کی اکثریت اسے بالفتح ہی درست قرار دیتی ہے۔ بالفتح

ہونے کی صورت میں اس کی اپنی اصل سے لفظی اور معنوی مطابقت واضح بھی ہے اور قرین عقل و قیاس بھی ۔ اس کے مأخذ کے سلسلہ میں فارسی کی مشہور لغت 'بہار عجم' کا اندراج حسب ذیل ہے:

'قلب دریوش مبدل دریوز است کہ بمعنی گدا و گدائی ہر دو آمدہ و دریوزہ مثلہ و درویزہ قلب آن و معنی ترکیبی آن جستن ازدرہاست'' یعنی 'درویش' مقلوب صورت ہے 'دریوش' کی، جو 'دریوز' یا 'دریوزہ' کا مبدّل ہے اور 'دریوزہ' کی مقلوب صورت 'درویزہ' بھی مستعمل ہے ۔ گویا اسے 'دریوش' سے مأخوذ سمجھیں یا دریوز و درویزہ سے بات ایک ہی ہے ۔ ہر صورت میں اس کا تلفظ بالفتح ہو گا اور معنی فقیر یا گدا ہوں گے ۔ اس نظریہ کی تائید دوسرے محققین اور اہل لغت سے بھی ہوتی ہے ۔ چنانچہ 'برہان قاطع' کے مرتب اور حاشیہ نگار ڈاکٹر محمد معین نے 'برہان قاطع' کے حاشیہ میں 'درویش' درج کر کے متعدد مستند حوالوں سے اس کی اصل پر بحث کرتے ہوئے بتایا ہے کہ یہ بفتح اول ہے ۔ پہلوی میں یہ 'دریوش' (DRIYOSH) بمعنی فقیر و تہی دست ہے اور اس کی دوسری صورت درِغوش (DRIJHOSH) ہے ۔ پازند میں یہ دَریوش (DARYOSH) کی صورت میں ملتا ہے ۔ ان دونوں کا مادہ اوستا کا 'درِغو' (DRIJHU) ہے ۔ خواجہ نصیرالدین طوسی کے رسالہ 'میزان الافکار' میں مذکور ہے کہ ایران کے بعض شہروں میں اسے 'درغویش' با واوِ معدولہ بھی بولتے ہیں ۔ شہیمر زادی میں یہ بصورتِ ' داروش' (DARVISH) اور گیلکی میں بشکل 'دروِش' (DAR-VISH) مستعمل ہے ۔ اس سے 'دروِش' مصدر معرب دریوش ہونا اور درویشوں کا لباس پہننا کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

خلاصۂ کلام یہ کہ اس لفظ کی اصل اوستا کا مادہ 'درغو' ہے، جس سے

'درغوش' بنا اور غین یائے تحتانیہ سے بدل کر 'درویش' کی صورت اختیار کر گیا، جس کی مقلوب صورت 'درویش' رواج پا گئی ۔ گویا مؤلفِ 'بہار عجم' کا نظریہ قرین صحت ہے ۔

ان شواھد سے یہ بخوبی ثابت ہو جاتا ہے کہ اس کا لفظ 'دُر' (موتی) سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ یہ محض قیاس مع الفارق ہے ۔ اسے دور کی کوڑی لانا تو کہہ سکتے ہیں مگر فی الحقیقت یہ نظریہ بے اصل ہے ۔ چنانچہ صحیح لفظ 'دَرویش' بالفتح ہے ۔ اسے بالضم 'دُرویش' بولنا اور سمجھنا غلط بھی ہے اور گمراہ کن بھی ۔

دوست: 'نوراللغات' میں اسے فارسی مصدر 'دوسیدن' (چپکنا ، ملنا ، چسپاں ہونا) سے مأخوذ قرار دیا گیا ہے ۔ 'بہار عجم' سے بھی اسی قیاس کی تائید ہوتی ہے ۔ 'بہار عجم' میں اسے فارسی مصدر 'دوسیدن' کے صیغہ امر 'دوس' کا مزید علیہ بتایا گیا ہے ۔ پلیٹس (PLATTS) کے اندراج کے مطابق اس کی پہلوی صورت 'دوست' ہے ، جو زند میں 'زُستا' (ZUSTA) ہے، جو 'زُش' (ZUSH) سے مشتق ہے ۔

'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے مختلف حوالوں سے اس کی اصل کے متعلق جو کچھ بیان کیا ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ 'دوست' کی پہلوی شکل، جو 'دَوَست' ہی ہے 'دَوشتہ' (DAUSHTA) سے مأخوذ ہے، جس کی اصل قدیم فارسی یا پارسی باستان کا لفظ دوشتر (DAUSHTAR) ہے ۔ اورامانی میں 'دوس' (DOS) ، گیلکی میں 'دُست' (DUST) فریزندی، برنی اور نطنزی میں 'دُوس' (DUS) ،سنگسری میں 'دوست' (DUST) اور سرخہ ای میں 'دُست' (DUST) کی صورتوں میں رائج ہے ۔

ان اسناد سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ 'دوست' کا تعلق 'دوسیدن' سے نہیں

اور نہ اس کا مأخذ 'زُستا' یا 'زُش' ہے، بلکہ اس کی اصل 'دوشتہ' ہے، جو قدیم فارسی کے 'دوشتر' سے مأخوذ ہے۔ مختلف ہم اصل زبانوں اور بولیوں میں مقامی لہجوں کے فرق کے باعث اس کی مختلف صورتیں رواج پا گئیں، جو عین مقتضائے فطرت ہے۔

رستخیز: اس کی دوسری صورت 'رستاخیز' ہے۔ اس لفظ کے اشتقاق کے بارہ میں اہل لغت اور بعض محققین میں اختلاف رائے موجود ہے۔ اسی اختلاف کی بنا پر بعض اسے بالضم درست قرار دیتے ہیں اور بعض کے نزدیک بالفتح صحیح ہے۔ بالضم صحیح قرار دینے والوں کے نزدیک اس کا مأخذ فارسی مصدر 'رُستن' یعنی 'اُگنا' ہے اور اس کا دوسرا جز 'خاستن' (اٹھنا) سے مشتق ہے۔ چنانچہ 'نوراللغات' میں اسے بالضم، رُستن خاستن کا حاصل مصدر قرار دیا ہے اور کنایۃً اس کے معنی 'قیامت' بتائے ہیں۔ بظاہر یہ اشتقاق درست معلوم ہوتا ہے، کیونکہ 'قیامت' کا مفہوم بھی ایک حد تک یہی ہے۔

'فرہنگ عمید' میں 'رَستاخیز' بفتح اول درج کر کے اس کے معنی 'بپا ساختن'، جنبش، قیام، قیام عمومی، روز حشر و قیامت، مذکور ہیں۔ اگر ان معنی کو بنیاد بنا کر اس لفظ کی ساخت اور اصل پر غور کیا جائے تو پھر یہی نظریہ درست معلوم ہوتا ہے اور اس کی اصل 'رُستن' (اُگنا) اور 'خاستن' (اٹھنا) ہی صحیح قرار پاتی ہے اور اس صورت میں اس کا صحیح تلفظ بضم اول ہونا چاہیے۔ بفتح اول کی صورت میں اس کا قریبی مأخذ 'رَستن' بالفتح ہے، اس کے معنی رہا ہونا یا نجات پانا ہیں۔ مگر اس صورت میں اصل سے معنوی تطابق موجود نہیں رہتا۔ اس لئے 'رَستن' بالفتح سے اس کا اشتقاق بعید از قیاس ہے۔ ان حالات میں باربار نظر 'رُستن' ہی کی

طرف جاتی ہے ۔ مگر اسے قبول کرنے میں یہ امر مانع ہے کہ فارسی میں ان معنی میں یہ لفظ بالضم نہیں بلکہ بالفتح مروج ہے ۔ اس لئے اس کا مأخذ کہیں اور تلاش کرنا پڑے گا ۔

پلیٹس نے قیامت کے معنی میں بالفتح درج کر کے اس کی پہلوی صورت RISTAKHEJ بیان کی ہے، جو زند میں IRISTOKASHA ہے ۔ اگرچہ پلیٹس نے اس سلسلہ میں مزید تشریح نہیں کی، مگر یہ اشارہ مزید تحقیق کے لئے کافی ہے ۔ اس اشارہ کے زیر اثر 'برہان قاطع' پر نظر ڈالی تو اس لفظ کے حاشیہ کے اندراج نے بات واضح کر دی ۔

'رستاخیز' کی اصل پر گفتگو کرتے ہوئے حاشیہ نگار نے بتایا ہے کہ اس کی اصل اوستا کا لفظ ارستا (IRISTA) بمعنی مُردہ ہے ۔ جو پہلوی میں مختصر ہو کر 'رِست' (RIST) رہ گیا ۔ جس پر 'خیز' کا اضافہ کر کے پہلوی میں 'رِستاخیز' (RISTAXEZ) کی ترکیب وضع کر لی گئی ۔ پازند میں بھی 'رستاخیز' ہی ہے ۔ اس لحاظ سے اس کے لفظی اور ترکیبی معنی 'برخاستن مردگان' یعنی مُردوں کا اُٹھنا ہوں گے ۔ ظاہر ہے کہ قیامت اور حشر بھی ان ہی معنی میں مستعمل ہیں ۔ اگرچہ اصلاً یہ بالکسر ہے مگر فارسی میں بالفتح متداول ہے ۔ تلفظ کی یہ کمی بیشی کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے ۔ 'رستخیز' اسی 'رستاخیز' کا مخفف ہے ۔ ان شواہد کے پیش نظر اسے 'رُستن' (اُگنا) اور 'رَستن' (نجات پانا) سے مأخوذ قرار دینا غلط ہے ۔ اس کا مأخذ اوستائی ارستا یا ارِستہ (IRISTA) اور پہلوی 'رِست' (RIST) ہے ۔ اس کا صحیح تلفظ فارسی زبان کے عام رواج کے مطابق بالفتح درست سمجھا جائے گا ۔ یاد رہے کہ کوئی زبان ہو، اس میں چلن یا رواج عام کو مستند سمجھا جاتا ہے ۔ چونکہ اس تلفظ پر فارسی کے اہل زبان کا اتفاق ہے اسلئے

یہی فصیح ہے۔

روزن: یہ لفظ بالضم اور بالفتح دو طرح سننے اور پڑھنے میں آیا ہے۔ 'نوراللغات' اور 'بہار عجم' میں یہ بالضم (بواو مجہول) درج ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صاحبِ 'بہار عجم' کے خیال میں یہ 'روز' یعنی دن سے مشتق ہے۔ مگر اکثر کتب لغت میں بفتح اول مندرج ہے۔ فصحا کے نزدیک بھی بالفتح ہی لائق ترجیح ہے۔ کیونکہ اس کا مأخذ 'روشن' ہے، جو بالفتح فصیح ہے۔ اگرچہ خود 'روشن' فارسی میں دونوں طرح مستعمل رہا ہے۔ مگر اب بالفتح ہی بولا جاتا ہے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ اب فارسی میں واو مجہول کا استعمال متروک ہے۔ 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے اس کی اصل اوستا RACANA بمعنی پنجرہ بتائی ہے۔ یہی لفظ پہلوی میں ROCAN اور قدیم ہندی میں ROCANA بمعنی روشن و روشنائی ملتا ہے۔ چونکہ 'روزن' روشنی حاصل کرنے کے مقصد کے تحت بنایا جاتا ہے اس لئے اس کا یہ اشتقاق قرین قیاس ہے۔ اسی صورت میں یہ بالفتح ہی درست قرار پاتا ہے۔ 'روز' سے اس کا اشتقاق محل نظر ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ خود 'روز' بھی 'روشن' سے مشتق ہے۔ 'روز' کے لئے پہلوی میں ROC قدیم فارسی میں RAUCH اور اوستا میں RAOCH ملتے ہیں۔ ان کے معنی میں بھی روشنائی یا روشنی کا مفہوم شامل ہے۔ اس لحاظ سے یہی اس کی اصل 'روشن' قرار پاتی ہے۔ البتہ 'روز' بالفتح استعمال نہیں ہوتا بلکہ بالضم مستعمل ہے۔ اگر 'روز' اور 'روزن' متحد المأخذ ہیں تو بھی 'روزن' کا مأخذ 'روز' کی بجائے 'روشن' قرار دینا لائق ترجیح ہو گا کیونکہ 'روز' بجائے خود اصل نہیں ہے بلکہ 'روش' یا 'روشن' سے مأخوذ و مشتق ہے۔ اصل اور چلن کے لحاظ سے بھی اس کا تلفظ بالفتح مرجح قرار پائے گا۔ اس

کی معرب صورت بھی 'روزن' ہی ہے، جو بالفتح ہے۔

رُھبان: اس لفظ کے سلسہ میں اہل لغت کی مختلف آراء نے سخت الجھن پیدا کر دی ہے۔ اس کے متعلق 'نوراللغات' کا اندراج حسب ذیل ہے:

'بالضم راھب کی جمع۔ صاحبِ برھان نے لکھا ہے کہ یہ لفظ مفرد ہے صاحبِ قاموس نے لکھا ہے کہ یہ لفظ مفرد اور جمع دونوں طرح مستعمل ہے'۔ 'ھ' ہندی کا اختصار ہے۔ حالانکہ یہ ہندی لفظ نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے 'ھ' کا اندراج سہو کتابت ہو۔ جہاں تک صاحب برھان کا تعلق ہے تو 'برھان قاطع' میں اسے 'رُہ' بمعنی نیک اور بان بمعنی محافظت کنندہ سے مرکب قرار دیا گیا ہے۔ گویا صاحب برھان کے نزدیک یہ فارسی کا مرکب لفظ ہے حالانکہ حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ اس کا مادّہ عربی 'رھب' ہے، جس کے معنی ڈرنا ہیں۔ یا اس کا مأخذ عربی 'رھبہ' ہو سکتا ہے جو ڈر یا خدا کا ڈر کے معنی میں مستعمل ہے۔ 'برھان قاطع' کے حاشیہ نگار نے اسے عربی قرار دیتے ہوئے اس کی جمع رھابین، رھابنہ اور رھبانون بتا کر یہ صراحت بھی کر دی ہے کہ یہ 'راھب' کی جمع کے طور پر بھی مستعمل ہے۔

'فرھنگ عمید' میں 'رُھبان' بالضم کو واحد اور جمع دونوں حیثیتوں سے درج کیا ہے۔ واحد کے طور پر اس کے معنی راھب، پارسا اور عابد نصاریٰ بتائے ہیں اور جمع کی حیثیت میں اس کا واحد راھب بتایا ہے۔

عمید نے 'رھبان' بالفتح بھی درج کیا ہے اور اس کے معنی بہت ڈرنے والا بتا کر اس کی جمع رھابین اور رھابنہ بتائی ہے۔ گویا عمید کے نزدیک رھابنہ اور رھابین 'رُھبان' بالضم کی جمع نہیں، بلکہ 'رُھبان' بالفتح کی جمع ہے۔ مگر یہ حقیقت نہیں ہے۔ عربی الفاظ کے بارہ میں 'عمید' کی نسبت 'المنجد' زیادہ مستند لغت ہے۔ چنانچہ 'المنجد' میں 'رُھبان' بالضم واحد اور جمع

دونوں حیثیتوں میں مذکور ہے ۔ جمع کی حیثیت میں اس کا واحد 'راھب' ہے اور واحد کی حیثیت میں اس کی جمع 'رھابین' ہے ۔ البتہ 'رَھبان' بالفتح کی جمع رھابین، رھابنہ اور رھبانوں، تینوں طرح آتی ہے ۔ الغرض 'رُھبان' عربی لفظ ہے، جو 'راھب' کی جمع کے طور پر بھی مستعمل ہے اور بطور واحد بھی ۔ اگر یہ واحد کے طور پر استعمال ہو تو اس کی جمع 'رھابین' آتی ہے ۔ اسے فارسی سمجھنا اور 'رُہ + بان' سے مرکب قرار دینا صاحبِ برھان کی ذھنی اپج ہے، جس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا ۔ خود فارسی میں 'رُہ' بالضم بمعنی نیک کا وجود محتاج ثبوت ہے ۔

زنجبیل: یہ ایک مشھور لفظ ہے ۔ طبی کتابوں اور نسخوں میں اس کا ذکر عام ہے ۔ بعض اہل لغت نے اسے عربی قرار دیا ہے اور بعض کے نزدیک یہ فارسی لفظ ہے ۔ 'نوراللغات' میں اس کا اندراج عربی لفظ کے طور پر ہوا ہے ۔ پلیٹس (PLATTS) نے اسے عربی فارسی ظاھر کیا ہے ۔ 'فرھنگ عمید' میں اسے فارسی لفظ کی حیثیت سے شامل کر کے صراحت کی گئی ہے کہ عربی میں بھی 'زنجبیل' استعمال ھوتا ہے ۔ اس کی مبدل صورتیں زنبیل، شنگلیل اور شنگویر بیان کی گئی ہیں ۔ گویا یہ لفظ عمید کے نزدیک فارسی ہے اور عربی میں بھی دخیل لفظ کی حیثیت سے مروج ہے ۔

'المنجد' میں 'زنجبیل' کو فارسی الاصل ظاھر کیا گیا ہے اور اس کے معنی ایک نبات اور شراب بتائے گئے ہیں ۔ ان شواھد سے ثابت ھوتا ہے کہ یہ لفظ فارسی اور عربی دونوں زبانوں میں مستعمل ہے، اس لئے اگر بعض اہل لغت نے اسے فارسی اور دوسروں نے عربی کہا ہے تو غلط نہیں ۔ 'المنجد' نے اسے فارسی الاصل قرار دیا ہے اور عمید بھی اسے فارسی بتاتا ہے ۔ لیکن ان بیانات سے یہ واضح نہیں ھوتا کہ 'زنجبیل' اگر فارسی الاصل ہے تو کیا

اس کی اصلی صورت یہی ہے یا اس میں کسی قسم کا تغیر و تبدل ہوا ہے۔ محض فارسی الاصل کہنے سے بات واضح نہیں ہوتی۔ 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے لفظ 'شنگلیل' پر بحث کرتے ہوئے اس کی حقیقت کی طرف جو اشارہ کیا ہے وہ قرین قیاس اور اقرب الی الصّواب ہے اصلی لفظ 'شنگبیل' ہے، جس کی مبدّل صورتیں شنگ بیر اور شنگویر یا شنگویر ہیں۔ پہلوی میں یہ (SANGIWEL) کی صورت میں ملتا ہے اور اس کی دوسری صورت 'سنگ پیر' بھی ملتی ہے۔ 'شنگلیل' دراصل 'شنگبیل' کی تصحیف ہے۔ اسی 'شنگبیل' کا معرّب 'زنجبیل' ہے جو عربی کے علاوہ فارسی میں میں بھی مستعمل ہے۔ گویا پہلوی 'سنگویل' نے فارسی میں 'شنگویل'' کی صورت اختیار کی، جو اختلافِ لہجہ سے 'شنگبیل' کی صورت میں استعمال ہونے لگا جو معرّب ہو کر 'زنجبیل' کی صورت میں عربی میں شامل ہوا۔ عربی کے فارسی زبان پر بڑھتے ہوئے اثرات کے نتیجہ میں یہ معرب صورت فارسی میں بھی عام استعمال ہونے لگی جس سے اہل لغت شبہ میں پڑ گئے اور اسی کو اصلی صورت سمجھ بیٹھے۔ اور اسے عربی اور فارسی کا مشترک لفظ قرار دے دیا۔

شکیل: اس لفظ کے متعلق اہل لغت کی مختلف و متبائن تصریحات نے معاملہ الجھا دیا ہے۔ گویا شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیر ھا۔ بعض اہل لغت نے اسے عربی قرار دیا ہے، بعض نے فارسی۔ بعض کے نزدیک یہ اردو لفظ ہے۔ اردو میں تو یہ لفظ عام استعمال ہوتا ہے ، مگر فارسی میں کم، اگرچہ مؤلف فرہنگ آصفیہ کا دعوی ہے کہ فارسی میں یہ مستعمل نہیں ہے۔ مگر 'فرہنگ عمید' میں یہ لفظ شامل ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ فارسی میں مستعمل ہے۔

فرہنگ عمید میں 'شکیل' عربی لفظ کے طور پر شامل کیا گیا ہے اور اس کی تشریح ان الفاظ میں کی گئی ہے: 'کف خون آلود که در اطراف دهانه اسب جمع می شود، در فارسی بمعنی خوشگل و زیبا، خوش اندام، خوش ریخت میگویند'۔

اس تشریح سے ظاہر ہوتا ہے کہ عربی میں اس لفظ کے معنی گھوڑے کی باچھوں میں جمی ہوئی خون آلود جھاگ کے ہیں اور فارسی میں یہ خوبصورت اور خوش وضع کے معنی میں مستعمل ہے۔ اردو میں بھی یہ لفظ خوبصورت اور خوش شکل کے معنی میں مستعمل ہے۔ گویا یہ معنی صرف اردو اور فارسی تک محدود ہیں۔

شیکسپیئر کی اردو۔ انگریزی ڈکشنری میں اس کا اندراج عربی لفظ کے طور پر خوبصورت کے معنی میں ہوا ہے۔ اردو کی مشہور لغت 'فرہنگ آصفیہ' میں اسے اردو لفظ کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے اور اس ضمن میں یہ وضاحت بھی مندرج ہے:

'جن لغات والوں نے اسے ان معنی میں عربی قرار دیا ہے، وہ خطا پر ہیں۔ کیونکہ عربی میں اس کے معنی مکر و فریب کے آئے ہیں۔ اور فارسی میں یہ لفظ کسی استاد کے کلام یا تصانیف ایران میں نہیں پایا جاتا۔ پس ان معنوں میں اردو کی گھڑت ہے۔ اس لئے اس کو اردو ہی کہنا چاہئے'۔

مؤلفِ فرہنگ اصفیہ کی یہ بات تو درست ہے کہ عربی میں 'شکیل' خوب صورت کے معنی میں نہیں ملتا، لیکن یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ عربی میں یہ مکر و فریب کے معنی میں مستعمل ہے۔ کیونکہ عربی کتب لغت میں 'شکیل' بالفتح کے تحت ان معنی کا ذکر نہیں ملتا۔ البتہ فارسی لغت 'برہان قاطع' میں یہ معنی مذکور ہیں۔ اس سلسلہ میں 'برہان قاطع'

کا اندراج حسب ذیل ہے :

'شکیل: بکسر اول بروزن سبیل، بمعنی چدار است ۔ وآن ریسمانی باشد که برپای اسپ واستر بدخصلت بندند ۔ و بمعنی مکر و فریب و حیله هم گفته اند'۔

'برهان قاطع' کے حاشیہ نگار نے معنی اول کے لئے 'شگال' اور دونوں معنی کے لئے 'شکال' سے رجوع کرنے کی ہدایت کی ہے ۔ 'شگال' کے متعدد معنی مذکور ہیں ۔ جن میں سے ایک معنی پیکھڑا بھی ہیں ۔ 'شکال' کے معنی ' برهان قاطع' میں وہی مرقوم ہیں جو 'شکیل' کے تحت مندرج ہیں یعنی پیکھڑا اور مکر و فریب ۔

عربی لغت 'المنجد' میں بھی 'شکال' کے ایک معنی پیکھڑا بتائے گئے ہیں ۔ البتہ عربی میں ان معنی میں 'شکیل' کا سراغ نہیں ملا ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان معنی میں 'شکیل' 'شکال' کا اماله یا فارسی تصرف ہے ۔ جہاں تک اس کے معنی میں مکر و فریب، کا تعلق ہے تو عربی کتب لغت میں 'شکیل' یا 'شکال' کے ضمن میں ان معنی کا ثبوت نہیں ملتا ۔ ان معنی میں اسے فارسی لفظ کہہ سکتے ہیں یا فارسی کا معنوی تصرف ۔ عربی میں اس کے مادہ 'شکل' کے معنی میں التباس، اشتباہ کا مفہوم تو شامل ہے، مگر 'شکیل' کے لئے معنی ثابت نہیں ہیں ۔ البتہ یہ معنی 'اشکال' کے ہو سکتے ہیں ۔ ہو سکتا ہے ان معنی میں 'شکال' 'اشکال' کا مخفف ہو اور اس کا اماله 'شکیل' بنا لیا گیا ہو ۔ بہر حال اگر ایسا ہے تو بھی یہ معنی و مفہوم 'شکیل' بالکسر کے ہیں ۔ 'برهان قاطع' کے علاوہ 'غیاث اللغات' میں بھی یہ لفظ ان دونوں معنی میں بالکسر مندرج ہے ۔ غالباً مؤلف نے 'غیاث اللغات' پر انحصار کیا ہے ۔ مگر یہ فرق نظر انداز کر دیا کہ ان معنی میں 'شکیل' بکسر اول ہے ۔ اردو اور فارسی میں خوبصورت کے معنی میں جو 'شکیل'

مستعمل ہے وہ بفتح اول ہے ۔

اس 'شکیل' بالفتح کے ضمن میں 'فرہنگ عمید' کا اندراج درست ہے ۔ اس میں مذکور عربی معنی کی تصدیق 'المنجد' سے بھی ہوتی ہے ۔ چنانچہ 'المنجد' میں مذکور ہے: 'الشکیل: الزبد المختلط بالدم یظهر علی شیمة اللجام'۔ یعنی وہ خون آلود جھاگ جو لگام کے دھانہ پر ظاہر ہوتی ہے ۔

ان تمام شواھد سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ خوبصورت کے معنی میں 'شکیل' بالفتح ہے ۔ اور ان معنی میں عربی میں مستعمل نہیں ہے ۔ اس سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ فارسی یا اردو والوں نے عربی 'شکل' بمعنی صورت سے عربی وزن فعیل پر خوبصورت کے معنی میں وضع کر لیا ہے ۔ جہاں تک مؤلف فرہنگ آصفیہ کے اس ادعا کا تعلق ہے کہ یہ لفظ تصنیفات ایران میں نہیں ملتا تو اس کی تکذیب کے لئے تو 'فرہنگ عمید' کا حوالہ کافی ہے ۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ ان معنی میں فارسی میں یہ لفظ تازہ وارد ہو اور قدیم تصانیف میں اس کا استعمال نہ ہوا ہو ۔ ایسی صورت میں اس کی ایجاد کا سہرا اردو والوں کے سر بندھتا ہے ۔ اردو سے فارسی میں اس کا جانا کچھ ایسا بعید از قیاس بھی نہیں ہے ۔ اور بھی متعدد ایسے الفاظ ہیں جو اردو سے فارسی میں گئے ہیں ۔ زندہ زبانوں میں لین دین ہوتا ہی رہتا ہے ۔ اردو اور فارسی تو ایک دوسرے سے بہت قریب ہیں ۔ بہر حال 'شکیل' بمعنی خوب صورت اپنی شکل و صورت کے لحاظ سے عربی معلوم ہونے کے باوجود عربی لفظ نہیں ہے یہ اردو یا فارسی والوں کی ایجاد ہے ۔ اس کی ظاہری صورت نے اہل لغت کو دھوکا دیا ہے ۔ اب یہ لفظ اردو اور فارسی کا مشترکہ سرمایہ ہے ۔

طلا: اس لفظ کے سلسلہ میں بھی اہل لغت میں بہت اختلاف پایا جاتا

ہے ۔ یہ لفظ عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں میں استعمال ہوتا ہے، اسلئے تینوں زبانوں کے اہل لغت نے اس کے متعلق داد تحقیق دی ہے ۔

شیکسپئر کی اردو ۔ انگریزی ڈکشنری میں یہ 'تِلّا' کی صورت میں مندرج ہے اور اسے 'طلا' سے مأخوذ قرار دیا گیا ہے ۔ اور 'طلا' کو 'سونا' کے معنی میں فارسی اور پالش کے تیل کے معنی میں عربی بتایا ہے ۔

فیلن نے 'طلا' درج کر کے روغن مالش کے معنی میں فارسی اور سونا یا زر کے معنی عربی لفظ قرار دیا ہے ۔

فرہنگ عمید میں طلا بمعنی زر فارسی لفظ کی حیثیت سے اور طلاء بمعنی قطران و روغن مالش و شراب بحیثیت عربی لفظ الگ الگ درج ہیں

پلیٹس نے طلا بمعنی زر کو فارسی لفظ کے طور پر درج کیا ہے اور اسے تِلا یا تلہ سے مأخوذ قرار دیا ہے اور مالش کے تیل کے مفہوم میں اسے عربی کہا ہے ۔ مؤلفِ فرہنگ آصفیہ کے نزدیک 'طلا' بہر صورت معرّب ہے ۔ زر کے معنی میں 'تلہ' کا معرّب ہے اور مالش کے تیل کے معنی میں 'تیل' کا معرّب ہے ۔

اس باب میں 'برہان قاطع' کا اندراج حسب ذیل ہے:۔

'طلا بکسر اول معروفست کہ بعربی ذہب خوانند ۔ ودر عربی شراب راگویند ۔ وبعضی گویند طلا مثلث است یعنی شیرۂ انگوری کہ سہ حصۂ آن جوشیدہ ویک حصہ ماندہ باشد ۔ و قطران نیز گفتہ اند ۔ وآن صمغی باشد سیاہ ۔ وبفتح اول ہم در عربی تن و بدن حیوانات و بچہ حیوان سم شکافتہ باشد '۔

اس اندراج کے مطابق طلا کے معنی ہیں سونا، شیرہ انگور، قطران اور بالفتح کے معنی جانور کا جسم اور پھٹے کُھر والے جانور کا بچہ ۔ اس کے حاشیہ میں 'منہتی الارب' سے منقول ہے: '۰۰۰ دراصل (عر) طلاء ککساء

(بکسر اول) قطران ۔ و برچه آنرا مالند بر جای'۔

اس پر حاشیہ نگار نے لکھا ہے 'در فارسی از ترکیب 'زرطلا' موصوف را حذف کردہ 'طلا' را بجای آن بکار برند'۔

ان شواھد سے متبادر ہے کہ 'طلا' کے اصلی معنی قطران ہیں، جو گوند کی ایک قسم ہے ۔ اس میں ملا کر جو چیز (تیل) استعمال کی جاتی ہے، وہ بھی 'طلا' کہلانے لگی ۔ اس طرح روغنِ مالش کا نام طلا پڑ گیا ۔

سونا یا زر کے معنی میں 'زرطلا' کی ترکیب استعمال ہوتی تھی ۔ 'زرطلا' سے مراد وہ سونا تھا جو کیمیائی عمل سے یا کوئی چیز ملا کر ملمع کیا جاتا تھا یا اس کا پانی پھیرا جاتا تھا ۔ بعد میں اس ترکیب کا موصوف یعنی جز اول 'زر' حذف ہو گیا محض طلا سونے کے معنی میں استعمال ہونے لگا ۔

'المنجد' اور 'صراح' میں بھی وہی معنی مذکور ہیں، جن کا ذکر 'برھان قاطع' کے اقتباس میں آ چکا ہے ۔

ان تمام شواھد اور اقتباسات سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ ہر دو معنی میں 'طلا' ایک ہی لفظ ہے ، جو اصلاً عربی ہے اس کے مختلف استعمالات اور تصرفات سے مختلف معنی پیدا ہوئے ۔ تاہم دونوں معنوں میں یہ فارسی والوں کا تصرف ہے ۔ تِلّا یا تِلا کو اس کا مہنّد یا مورد سمجھنا چاہیے ۔ اگر مؤلفِ فرھنگ آصفیہ کی رائے درست مانی جائے تو اصلاً یہ اردو لفظ قرار پائے گا ۔ تاہم کسی بھی صورت اور معنی میں یہ فارسی الاصل نہیں ہے ۔ البتہ ان تصرفات کے سبب اسے فارسی سمجھا جائے تو الگ بات ہے ۔

عرابہ: اس لفظ کی دوسری صورت 'ارابہ' ہے ۔ اس لفظ کی اصل کے متعلق اہل لغت کی آراء اختلاف کا شکار ہیں ۔

شیکسپئر کی اردو ۔ انگریزی ڈکشنری میں 'عَرَابہ' کا اندراج فارسی لفظ کے طور پر ہوا ہے ۔ 'بہار عجم' میں اسے 'ارابہ' ہی کی ایک شکل بتایا گیا ہے ۔ چنانچہ مذکور ہے: 'عرابہ ۔ بہاں ارابہ بالف ۔ وایں رسم خط بعضی است'۔

'بہار عجم' میں 'ارابہ' کی تشریح یوں کی گئی ہے: 'ارابہ: بروزن قرابہ، گردون چوبی کہ بران بار کنند و بعضی رسم خط 'عرابہ' بعین نویسند واین غلط عام ست ۔ و صحیح 'عرادہ' بعین و دال مہملتین'۔

گویا مؤلف 'بہار عجم' کے نزدیک 'عرابہ' غلط العام ہے اور اس کی صحیح صورت 'عرادہ' ہے ۔

'لغات سعیدی' میں چھکڑا ، گاڑی کے معنی میں 'عرابہ' درج ہے مگر اس وضاحت کے ساتھ کہ اس کی اصل 'عرّادہ' ہے ۔

عمید نے 'عرابہ' درج نہیں کیا، البتہ 'ارابہ' گاڑی کے معنی میں شامل کیا ہے اور اس کے صحیح یا غلط ہونے کی صراحت نہیں کی ۔

'غیاث اللغات' میں بھی 'ارابہ' ہی مندرج ہے ۔ غیاث نے 'بہار عجم' کے مذکورہ بالا اندراج کا حوالہ دینے کے بعد لکھا ہے کہ برہان اور جہانگیری میں 'غـردہ' بغین معجمہ و دال مہملہ بمعنی گردون چوبی ہے ۔ اس لئے 'غرادہ' اس کا مزید علیہ ہو سکتا ہے ۔ 'برہان قاطع' میں 'غردہ' بمعنی ارابہ و گردون چوبی مرقوم ہے ۔ حاشیہ نگار نے اسے 'عرادہ' کا مصحف اور مخفف قرار دے کر 'منتہی الارب' کے حوالہ سے اس کے معنی منجنیق سے چھوٹا آلہ جنگ بیان کئے ہیں اور 'ارابہ' سے رجوع کرنے کی ہدایت کی ہے ۔ 'برہان قاطع' میں 'ارابہ' بمعنی گردون مندرج ہے ۔ اس کے متعلق حاشیہ نگار نے کہا ہے کہ اس کا معرّب 'عربہ' ہے، جس کی جمع 'عربات' آتی ہے ۔ ' تفسیرالالفاظ الدخلیہ فی اللغۃالعربیہ' کے حوالہ سے بتایا ہے کہ اس کی اصل

یونانی لفظ ARMA (ارمہ) ہے ۔ جس کا پہلا حرف عین سے اور میم بائے موحدہ سے بدل گیا جس طرح 'مکّہ' سے 'بکّہ' بن گیا ۔ ابن بطوطہ نے یہ لفظ عربی میں شامل کیا ۔

اب اگر ایک نظر 'عرادہ' پر بھی ڈال لی جائے تو بہتر ہو گا، تاکہ صحیح نتیجہ تک پہنچنے میں مدد مل سکے ۔

'فرہنگ عمید' میں 'عرّادہ' عربی لفظ کے طور پر شامل ہے اور اس کے معنی منجنیق سے مشابہ آلہ جنگ، جو پتھر پھینکنے کے کام آتا تھا، بتائے ہیں ۔ ان معنی کا ذکر پہلے بھی ہو چکا ہے ۔ 'المنجد' سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے ۔ چنانچہ 'المنجد' میں 'العرّادہ' کے معنی 'آلۃ الحربیہ لرمی الحجارۃ' یعنی پتھر پھینکنے کا آلہ جنگ مذکور ہیں ۔ 'صراح' میں بھی اس کے یہی معنی بیان ہوئے ہیں ۔

ان اسناد سے 'عرّادہ' کے معنی چھوٹی منجنیق محقق ہو چکے ہیں ۔ ایسی صورت میں اسے گاڑی کے معنی میں عرابہ یا ارابہ کی اصل قرار دینا کسی طرح بھی درست نہیں ہے ۔

بعض اہل لغت کو 'عرابہ' اور 'عرادہ' کے مابین صوتی مشابہت سے مغالطہ ہوا ہے ۔ اسلئے انھوں نے 'عرادہ' کو 'ارابہ' یا 'عرابہ' کا مأخذ سمجھ لیا ۔ مگر ایسا کرتے وقت وہ معنوی فرق نظر انداز کر گئے ۔ جس کی وجہ سے صورت حال پیچیدہ ہو گئی ۔ اسی طرح بعض لغت نویس 'غردہ' سے دھوکا کھا گئے ۔ حالانکہ ان معنی میں 'غردہ' کوئی لفظ ہی نہیں ہے ۔ عربی میں 'غرد' کا مادہ پرندوں کے چہچہانے کے معنی میں آتا ہے ۔ اس مادہ سے مشتق تمام الفاظ کے معنی میں پرندہ یا چہچہاہٹ کا مفہوم پایا جاتا ہے ۔ اس لئے اس سلسلہ میں یہ لفظ خارج از بحث ہے اور 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار کی

رائے صحیح ہے کہ 'غردہ' خود کوئی لفظ نہیں ہے بلکہ 'عرادہ' کی تصحیف و تخفیف ہے ۔ بہر کیف غردہ، غرادہ اور عرادہ کا گاڑی کے معنی میں عرابہ یا ارابہ سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ یہ ایک الگ لفظ ہے ۔ یہاں بھی 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار کی رائے صائب معلوم ہوتی ہے کہ اصلاً یہ یونانی لفظ 'ارمہ' ہے، جو الف اور میم کے عین مہملہ و بائے موحدہ میں تبدیل ہونے سے عربی میں 'عربہ' کی صورت میں رائج ہوا ۔ اس کی تائید دوسرے مأخذ سے بھی ہوتی ہے ۔ 'المنجد' میں 'عربہ' گاڑی یا سواری کے معنی میں موجود ہے اور اسے یونانی الاصل ظاہر کیا گیا ہے ۔ چنانچہ یہی 'عربہ' فارسی میں الف کے اضافہ سے 'عرابہ' اور پھر عین کے الف سے تبادل کی صورت میں 'ارابہ' رواج پا گیا ۔ عمید نے بھی 'عربہ' عربی لفظ کے طور پر گاڑی کے معنی میں درج کیا ہے ۔

چونکہ فارسی میں یہ لفظ عربی سے آیا ہے، اسلئے فارسی میں اس کا املا 'عرابہ' قابل ترجیح ہے ۔ اسے 'عربہ' کا مزید علیہ بھی کہہ سکتے ہیں ۔ اگر 'عربہ' استعمال کیا جائے تو مزید بہتر ہے ۔ تاہم 'ارابہ' سے 'عرابہ' قابل ترجیح ہے، کیونکہ اس صورت میں اس کا اپنے عربی مأخذ 'عربہ' سے قریبی تعلق قائم رہتا ہے ۔ 'ارابہ' لکھنے کی صورت میں اصل سے بُعد پیدا ہو جاتا ہے جو مغالطہ کا باعث ہے ۔

قرنفل: اس لفظ کی اصل کے متعلق محققین میں اختلاف رائے ہے اہل لغت اور محققین کے ایک گروہ کا خیال ہے کہ یہ یونانی الاصل ہے ۔

'فرہنگ عمید' میں اسے 'قرنقل' اور 'قرنفول' کی صورتوں میں درج کر کے 'مأخوذ از یونانی' بتایا گیا ہے ۔ شیکسپیئر نے بھی اس کا اندراج یونانی لفظ کی حیثیت سے کیا ہے ۔ 'برہان قاطع' کے متن میں تو 'قرنفل' درج نہیں

ہے، البتہ حاشیہ نگار نے اسے حاشیہ میں درج کر کے ،' ژابا'، 'ہرمزد نامہ' اور 'نفس' کے حوالہ سے اس کی اصل یونانی KARUPHULON بتائی ہے ۔

محققین کے دوسرے گروہ کا خیال یہ ہے کہ لفظ ہندی الاصل ہے اور اس کا مأخذ ہندی لفظ 'کرن پھول' ہے ۔ جس کے ترکیبی معنی ہیں: کان کا پھول ۔ چونکہ قدیم ہندوستان میں عورتیں لونگ کا پھول گوشوارہ کے طور پر کان میں پہنتی تھیں، اسلئے اس کا یہ نام پڑ گیا ۔ مؤلف فرہنگ آصفیہ نے بھی 'قرنفل' کو 'کرن پھول' کا معرّب قرار دیا ہے ۔ اس کی تائید کچھ اور ذرائع سے بھی ہوتی ہے ۔ 'برہان قاطع' کے مذکورہ بالا حوالہ ہی میں آگے چل کر حاشیہ نگار نے 'آداب اللغة العربیه' اور تقی زادہ کے مضمون مشمولہ مجلہ 'یادگار' سال۳ شمارہ ٦ ص ۲۲ کے حوالہ سے اسے ہندی الاصل قرار دیتے ہوئے 'فرہنگ نظام' کا یہ اقتباس بھی درج کیا ہے: 'در ہندی 'کرن پھول' (بمعنی گل گوش) [کرن بمعنی گوش و پھول گل است] وجه تسمیه آنکه: زنان ہند از قدیم آنگاہ که گوشوارہ بگوش نکنند، بجای آن گل میخک در سوراخ گوش میگذارند تا بہم نیاید' ۔

'منتہی الارب' میں اس کے متعلق مذکور ہے: قرنفل، میخک که بار یا شکوفۂ درختی است در جزائر ہند پیداگردد'' ۔

ان دونوں نظریوں کا تقابل کرتے ہوئے اگر قرائن کو بھی پیش نظر رکھا جائے تو اس کے ہندی الاصل ہونے کا نظریہ قابل ترجیح معلوم ہوتا ہے ۔ عربی میں اس کی دوسری شکل 'قرنفول' ہے ، جیسا که عمید کے حوالہ سے اس کا پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے 'المنجد' میں بھی 'قرنفل' اور 'قرنفول' دونوں صورتیں مندرج ہیں ۔ معنوی مماثلت کی علاوہ اگر کرن پھول اور قرنفول کو ملحوظ رکھا جائے تو صاف ظاہر ہوتا ہے که 'کرن پھول' اور 'قرنفول' ایک

ہی لفظ کی دو صورتیں ہیں ۔ چونکہ عربی میں 'پھ' کی آواز نہیں ہے، اسلئے اس کی قریب ترین آواز 'ف' سے بدل دیا گیا ۔ 'قرنقل' کو 'قرنفول' کی تخفیف کہا جا سکتا ہے ۔ یہاں اس حقیقت کو بھی پیش نظر رکھا جائے کہ جیسا کہ 'منہتی الارب' میں مذکور ہے، لونگ کا درخت جزائر ھند میں پیدا ھوتا ہے ۔ ایسی صورت میں ظاھر ہے کہ اس کا اصلی نام بھی ہندی ھونا چاہئے ۔ اس لحاظ سے بھی اس کا اصلی نام 'کرن پھول' ہی قرار پائے گا ۔

جہاں تک یونانی کے KARUPHULON یا CARYOPHYLLA کا تعلق ہے تو یہ بھی 'کرن پھول' ہی سے مأخوذ ہیں ۔ ہندی اور یونانی آریائی گروہ کی زبانیں ہیں، اسلئے ان میں لفظی اشتراک مستبعد نہیں ہے ۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ عرب تاجرین کا جزائر ہند سے تجارتی تعلق قدیم الایام سے قائم ہے ۔ عرب تاجرین نے 'کرن پھول' کو عربی زبان میں عربی لہجہ کے مطابق 'قرنفول' کی صورت میں شامل کیا، جو مخفف صورت میں 'قرنفل' ھو گیا ۔

ان تمام شواھد اور اسناد سے 'قرنفل' کی اصل ہندی 'کرن پھول' ثابت ھوتی ہے ۔

قلندر: یہ لفظ فارسی میں عام استعمال ھوتا ہے ۔ اہل تصوف میں تو یہ ایک خاص اصطلاح کے طور پر بھی متداول ہے اس کی اصل کے متعلق اہل لغت اور محققین لسانیات میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے ۔

پلیٹس نے اسے فارسی لفظ کے طور پر درج کیا ہے اور اس کی اصل 'کلندر' بمعنی چوب ناتراشیدہ، بتائی ہے ۔ 'غیاث اللغات' اور 'فرھنگ آصفیہ' میں بھی یہی نظریہ پیش کیا گیاہے ۔ البتہ فرھنگ آصفیہ میں اس کا ایک مبدّل 'غلندر' بھی مذکور ہے ۔

'فرھنگ عمید' میں بھی اس لفظ کا اندراج فارسی لفظ کے طور پر ھوا

ہے اور اس کے مبدّلات قرندل اور کلندر مرقوم ہیں ۔

اہل لغت کی اکثریت اسے 'کلندر' یا 'کلندرہ' بمعنی چوب گندہ و ناتراشیدہ کا معرّب یا مبدّل قرار دیتی ہے ۔ دساسی (DE SACY) کے نزدیک یہ گروہ اپنے بانی شیخ قرندل کی نسبت سے 'قرندل' سے موسوم ہوا ۔ اس صورت میں 'قلندر' کو 'قرندل' کا مقلوب سمجھا جائے گا 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے IWANOV کی کتاب TRUTH WORKERS کے حوالہ سے مصنف کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ چالیس سال تک میں اس لفظ کا مادہ تلاش کرنے میں مصروف رہا اور ماہرین لسانیات سے اس مسئلہ پر بحث کی مگر کوئی قابل قبول نتیجہ برآمد نہیں ہوا ۔ اس سلسلہ میں فارسی ترکیب 'کلاں تر' بھی زیر غور آئی ، لیکن بات نہیں بنی ۔ عربی، ترکی، سنسکرت، ارمنی، گرجی زبانوں میں کوئی ایسا لفظ نہیں ملا جسے اس کی بنیاد قرار دیا جا سکے ۔ البتہ یونانی میں ایک لفظ CALETOR ہے، جس کا مادہ CALEO ہے، جس کے معنی دعا کرنا اور حاضر کرنا ہیں ۔ اس کے معنی دعا لئے جا سکتے ہیں ۔ یہ خیال روسی اصطلاح KALIKA سے ذہن میں آیا، جو اسی مادہ سے مشتق ہے ۔ یہ اصطلاح قرون وسطی میں مروج تھی ۔ J.A.B. PALMER نے بھی اس خیال کی تائید کرتے ہوئے بتایا ہے کہ قدیم زمانہ میں اس کے استعمال میں بہت ندرت پائی جاتی تھی ۔ مگر جدید کتابوں میں یہ اصطلاح استعمال نہیں ہوئی ۔ ایک مدت سے ادبی تحریروں میں اس کا استعمال متروک ہے ۔ اس لفظ کو عربی لفظ داعی کے معنی میں استعمال کرنے میں کوئی اِشکال نہیں ہے ۔ بشرطیکہ یہ ملحوظ رکھا جائے کہ وہ لوگوں کو مخصوص عبادت گاہوں کی زیارت کی دعوت دیتے تھے ۔

اس بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ 'قلندر' کا مأخذ یونانی لفظ

CALETOR ہے ۔ جب تک اس سے بہتر کوئی توجیہ پیش نہیں کی جاتی یہی مأخذ لائق ترجیح ہے ۔

کاغـذ: اس لفظ کی اصل کے متعلق مختلف اقوال ملتے ہیں ۔ 'بہار عجم' میں اسے 'کاغ' بمعنی آواز و فریاد اور دال کلمۂ نسبت سے مرکب بتایا گیا ہے، کیونکہ لکھتے وقت کاغذ سے آواز پیدا ہوتی ہے ۔ ذال معجمہ سے 'کاغذ' کو معرّب بتایا گیا ہے ، گویا دال مہملہ سے 'کاغد' فارسی لفظ ہے اور عربی میں بذال معجمہ استعمال ہوتا ہے ۔ مگر عربی کتب لغت پر نظر ڈالنے سے یہ مفروضہ غلط ثابت ہوتا ہے ۔ 'المنجد' میں اس کا اندراج 'کغد' کے تحت ہوا ہے اور 'کاغد' بفتح و کسر غین دونوں صورتوں میں دال بے نقطہ سے درج ہے ۔ 'صراح' میں بھی 'کاغد' دال مہملہ ہی سے درج ہے ۔ دونوں میں اسے فارسی الاصل قرار دیا گیا ہے ۔ ان حوالوں سے ثابت ہوتا ہے کہ فارسی عربی دونوں زبانوں میں صحیح لفظ دال مہملہ سے ہے ۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسی صورت میں ذال نقطہ دار کہاں سے آگئی ۔ اس کا یہی جواب ہو سکتا ہے کہ یہ متعربین کی کارستانی ہے ، جو عربوں سے زیادہ عربی زدہ ہیں ۔ اور ذال' معجمہ' سے کچھ زیادہ ہی شغف رکھتے تھے ۔ فارسی کے اور متعدد الفاظ کے ساتھ ساتھ یہ بدعت اس لفظ کے سلسلہ میں بھی رواج پا گئی ۔

اب آئیے اس کی اصل کی طرف ۔ اس سلسلہ میں 'بہار عجم' میں پیش کردہ نظریہ کا ذکر ہو چکا ہے ، مگر یہ نظریہ ذہن قبول نہیں کرتا ۔ کیونکہ آواز یا فریاد کا تعلق کاغذ سے نہیں بلکہ قلم سے ہے ۔ بانگ قلم یا صریر خامہ مشہور ہے ۔ علاوہ بریں کاغذ کا بنیادی تعلق آواز سے نہیں بلکہ تحریر سے ہے ۔ اس لئے اسے 'کاغ' بمعنی آواز سے مأخوذ قرار دینا بعید از قیاس ہے ۔

اس کی اصل کے متعلق دوسرا نظریہ 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے LAUFER کے حوالہ سے پیش کر کے بتایا ہے کہ اس کی اصل چینی لفظ KU-CHIH یا KOK-CI ہے، جس کا قدیم تلفظ KOK-DZ تھا۔ فرای کے خیال میں گمان غالب یہ ہے کہ قدیم عربی کلمہ 'کاغذ' ترکی سے مأخوذ ہے یا لوفر کے خیال کے مطابق اس کی اصل چینی ہے۔ محققین کی اکثریت کاغذ کو چین کی ایجاد سمجھتی ہے۔ اسلئے ظاہر ہے اس کا نام بھی چینی زبان ہی میں وضع کیا گیا۔ لہذا لوفر کی یہ رائے صائب ہے کہ اس کی اصل چینی لفظ KOK DAZ ہے۔ صوتی لحاظ سے بھی یہ لفظ کاغذ سے قریبی مشابہت رکھتا ہے۔ جہاں تک فرائی کی اس رائے کا تعلق ہے کہ اس کی اصل ترکی ہے تو یہ بھی درست ہو سکتی ہے۔ فرائی اور لوفر کی آراء میں اس طرح تطبیق پیدا کی جا سکتی ہے کہ یہ لفظ چینی سے ترکی میں منتقل ہوا، اور ترکی سے عربی میں۔ ترکوں اور منگولوں کا چین سے تعلق محتاج ثبوت نہیں ہے۔ اس طرح ترکوں اور عربوں کے روابط پرانے ہیں۔ فارسی اور ترکی کا تعلق بھی واضح ہے۔ اسلئے یا تو یہ لفظ چینی سے ترکی میں اور ترکی سے عربی اور عربی سے فارسی میں آیا، یا چینی سے ترکی، ترکی سے فارسی اور فارسی سے عربی میں گیا۔ بہر حال کوئی بھی صورت ہو اس کی اصل چینی قرار پاتی ہے۔ چینی KOK-DZ اور عربی و فارسی کاغد میں جو کسی قدر صوتی فرق ہے وہ بعید از قیاس نہیں ہے۔ لفظوں کے سفر میں عموماً ان کی شکلیں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ ایک زبان کا لفظ جب کسی دوسری زبان میں داخل ہوتا ہے تو اس زبان کے لہجہ اور مزاج سے مطابقت پیدا کرنے کے لئے اس میں صوری اور معنوی دونوں قسم کے تصرفات ہوتے ہیں۔ ان تصرفات کی وجہ سے بعض اوقات الفاظ اپنی اصلی صورت پر قائم نہیں رہتے

- تاہم کچھ نہ کچھ مشابہت اور معنوی اشتراک ضرور باقی رہتا ہے - یہ مشابہت کاغذ اور KOK-DAZ میں بھی موجود ہے -

کرایہ: اس لفظ کو بعض اہل لغت نے فارسی قرار دیا ہے اور دوسروں نے عربی ظاہر کیا ہے - پلیٹس نے اسے فارسی لفظ کے طور پر شامل کیا ہے - 'فرہنگ آصفیہ' میں بھی اس کا اندراج فارسی لفظ کی حیثیت سے ہوا ہے - 'فرہنگ عمید' میں کراء ، کرایہ کا اندراج عربی الفاظ کے طور پر ہوا ہے - گویا عمید کے نزدیک کراء اور کرایہ دونوں صورتوں میں عربی میں مستعمل ہے -

'غیاث اللغات' کے مؤلف کا بیان ہے کہ یہ عربی لفظ ہے، مگر فارسی والے اسے اپنا سمجھتے ہیں -

'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے 'منتھی الارب' کے حوالہ سے 'کرایہ' کو عربی 'کراء' سے مأخوذ قرار دیا ہے - اس کی تائید دوسرے مأخذ سے بھی ہوتی ہے عربی میں 'کراء' موجود ہے اور معنوی اشتراک بھی پایا جاتا ہے - 'منتھی الارب' میں اس کے معنی 'مزد مستاجر' مذکور ہے - 'صراح' میں اس کے معنی 'مزد' بتائے گئے ہیں - 'المنجد' میں اس کا اندراج 'الکراء والکروہ' دو صورتوں میں ملتا ہے اور معنی 'اجرۃ المستاجر' مرقوم ہیں - مگر عربی میں یہ لفظ 'کرایہ' کی صورت میں نہیں ملتا - اسلیے 'کرایہ' کو عربی نہیں کہہ سکتے، جیسا کہ عمید نے ظاہر کیا ہے - یہ درست ہے کہ 'کرایہ' عربی 'کراء' سے مأخوذ ہے - مگر 'کرایہ' عربی میں استعمال نہیں ہوتا - اسلئے 'کرایہ' کو فارسی کا تصرف سمجھنا چاہیے - بالفاظ دیگر 'کرایہ' عربی 'کراء' کی مفرّس صورت ہے -

منجنیق: اسے عموماً فارسی 'منجنیک' کا معرّب بتایا جاتا ہے - چنانچہ '

فرہنگ عمید' میں اس کا اندراج عربی لفظ کے طور پر ہوا ہے اور یہ وضاحت کی گئی ہے کہ فارسی میں اسے 'منجنیک' کہتے ہیں اور عربی میں اس کی ایک صورت 'منجلیق' بھی ہے۔ 'غیاث اللغات' میں متعدد کتب لغت کے حوالہ سے اس کی اصل فارسی لفظ ' من چہ نیک ' ہے۔

'برہان قاطع' میں ' منجنیک' کے تحت بیان کیا گیا ہے کہ اس کا معرّب 'منجنیق' ہے۔ 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے 'قاموس' کے حوالہ سے اس کی اصل 'من چہ نیک' بتانے کے بعد صاحبِ 'فقہ اللغہ' کی یہ رائے بھی نقل کی ہے کہ یہ وجہ اشتقاق عامیانہ ہے۔ لید اور اسکات کے حوالہ سے بتایا ہے کہ 'منجنیق' دراصل 'منجنیق' کی تصحیف ہے جس کی اصل MEXANIKOS ہے۔ اور اس کی یونانی صورت MAGHGHNIKON ہے اور 'منجلق' اس کی عامیانہ شکل ہے۔ 'المنجد' میں منجنیق اور منجلیق دونوں صورتیں مندرج ہیں اور اسے یونانی الاصل ظاہر کیا گیا ہے۔

ان شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لفظ اصلاً فارسی نہیں ہے اور 'من چہ نیک' سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ محض ذہنی اپج ہے۔ اس کی اصل MEXANIKOS ہے۔

نارنگی: شیکسپیئر نے اپنی اردو۔ انگریزی لغت میں اس کا اندراج سنسکرت لفظ کے طور پر کیا ہے۔ پلیٹس نے اسے ہندی لفظ کی حیثیت سے شامل لغت کیا ہے۔ ' فرہنگ آصفیہ' میں اسے فارسی ظاہر کیا گیا ہے۔ فارسی کتب لغت میں اس کا اندراج فارسی لفظ کے طور پر ہوا ہے۔

سنسکرت میں 'نارنگ' کا سراغ تو ملتا ہے، مگر 'نارنگی' کا ثبوت نہیں ملتا۔ اس میں تو کوئی شک و شبہ نہیں کہ اس کا مأخذ 'نارنگ' ہے۔ مگر اس پر یائے معروف کا اضافہ کس حیثیت سے ہوا ہے ، اس کے بارہ میں اکثر

اہل لغت خاموش ہیں ۔ اگر کسی نے کوئی توجیہ کی ہے تو وہ قابل قبول نہیں ہے ۔ مثلاً 'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے 'ہرمزد نامہ' کے حوالہ سے اس کو 'از نارنگ + ی (نسبت)' بتایا ہے ۔ گویا اس میں 'ی' حرف نسبت ہے ۔ ایسی صورت میں 'نارنگی' کے معنی 'نارنگ' سے منسوب یا متعلق ہونگے ۔ یعنی کوئی ایسی چیز جو 'نارنگ' سے تعلق رکھتی ہو، وہ نارنگ سے بنی ہوئی کوئی چیز بھی ہو سکتی ہے یا رنگ بھی ہو سکتا ہے ۔ مگر 'نارنگی' ان معنی میں استعمال نہیں ہوتا۔ خود 'ہرمزد نامہ' میں 'نارنگی' کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے: میوہ نارنگی بہان نارنج شیرین یا پرتقال است ولی کوچک تر ...

البتہ 'برہان قاطع' میں ایک معنی ایسے مذکور ہیں، جن سے اس میں یائے نسبتی کا جواز پیدا ہوتا ہے ۔ چنانچہ 'برہان قاطع' کا اندراج ملاحظہ فرمائیے تاکہ بات واضح ہو سکے ۔ 'نارنگی: باکاف فارسی بروزن و معنی نارنجی است کہ رنگ مشہور و معروف باشد ۔ میوہ ای ہم ہست کہ از نارنج کو چک ترو شیرین تر ۔ و بمعنی بے رنگی ہم ہست کہ عدم رنگ باشد' ۔

اس اندراج میں یہ لفظ تین معنوں میں استعمال ہوا ہے اور تینوں معنوں میں 'ی' کی حیثیت مختلف ہے ۔ نارنجی رنگ کے معنی میں اس میں یائے نسبتی استعمال ہوتی ہے ۔ کیونکہ ان معنی میں اس کا تعلق نارنگ کے رنگ سے ہے ۔ یعنی نارنگ کا رنگ، بے رنگی کے معنی میں اس میں یائے مصدری استعمال ہوئی ہے، جو 'نارنگ' بمعنی بے رنگ میں اسم کیفیت کے معنی پیدا کرتی ہے ۔ مگر 'نارنگ' سے چھوٹے پھل کے معنی میں اس میں نہ یائے نسبتی ہے اورنہ یائے مصدری ۔ یہاں دراصل یائے تصغیر ہے ۔ اس صورت میں اس کے معنی 'چھوٹا نارنگ' ہوں گے ۔ چونکہ فارسی میں یائے تصغیر کا

وجود نہیں ہے، اس لئے فارسی اہل لغت اس کی کوئی معقول توجیہ نہیں کر سکے ۔ اگر کسی نے ایسی کوشش کی بھی تو بے خبری کے باعث صحیح نتیجہ اخذ نہ کر سکا ۔ یہ تو سبھی اہل لغت نے بتایا کہ 'از نارنگ کو چک تر' مگر اس کی کوچکی کا سراغ اس کی ترکیب اور ساخت میں تلاش نہ کر سکے ۔ یائے تصغیر اردو اور ہندی میں عام استعمال ہوتی ہے ۔ اس سے یہ حقیقت بھی عیاں ہو جاتی ہے کہ 'نارنگی' اردو والوں کا تصرف ہے اردو والوں نے 'نارنگ' پر یائے تصغیر کا اضافہ کر کے اسے اسم مصغّر بنا لیا، جو ہندوستان کے فارسی شعراء و ادباء کے توسط سے فارسی زبان میں بھی رواج پا گئی اور اس وجہ سے فارسی کتب لغت میں بھی شامل کیا گیا ۔ بہر حال بصورت موجودہ 'نارنگی' اردو لفظ ہے ، جو فارسی میں بھی مستعمل ہے ۔ یشپ ، یشم: 'فرہنگ عمید' میں ان دونوں کا اندراج فارسی الفاظ کے طور پر ہوا ہے اور یہ صراحت بھی موجود ہے کہ عربی میں یشم یا یشف یا یشب کہتے ہیں ۔ لیکن اس صراحت سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ اصلاً عربی ہے یا فارسی یا کسی اور زبان سے تعلق رکھتا ہے ۔ یہی حال دوسری کتب لغت کا ہے ۔

'برہان قاطع' کے حاشیہ نگار نے اس کے عربی مبدلات میں یشب ، یشف ، یشم، یسب ، یصف اور یصیب کا ذکر کیا ہے ۔ اس کی اصل کے بارہ مؤلفِ 'نفس' کا قول منقول ہے کہ یہ عبرانی یشفہ بمعنی مصقول سے مأخوذ ہے جو 'شفہ' بمعنی 'صیقلی شد' سے مشتق ہے ۔ یہی لفظ یونانی میں جاکر IASPIS کی صورت اختیار کر گیا ۔ یونانی سے یورپ کی دوسری زبانوں میں منتقل ہوا اور ان زبانوں کے لہجہ کے مطابق مختلف صورتوں میں رائج ہوا ۔ مثلاً انگریزی میں JASPER اور فرانسیسی میں JASPE ہو گیا ۔

حاصل کلام یہ کہ اس کی اصل عبرانی 'یشفہ' ہے۔ اس کا معرب 'یشف' اور مبدّلات یشب، یشم وغیرہ ہیں۔ فارسی میں جا کر یہ 'یشپ' ہو گیا۔

یارسرکش!

ببرد از من روان من، روانی
بتی، شوخی، لطیفی، دلستانی
مهی، مهری، گلی، مشکی، عبیری
خوشی، خوبی، حبیبی، مهربانی
حریفی، دلبری، سنگی، دلیری
ظریفی، نازکی، تیری، کمانی
طبیبی، دارویی، دردی، بلایی
قضایی، محنتی، رنجی، قرانی
کمندی، ناوکی، تیری، خدنگی
امیری، پادشاهی، پهلوانی
شریفی، شاهدی، خمری، خماری
لطیفی، سرکشی، جانی، جهانی
حسن، مداح او گشتی، ازآن شد
زبانت در سخن گوهر فشانی

حسن دهلوی

ڈاکٹر نذیر احمد
علی گڑھ ۔ بھارت

سلطان شمس الدین التتمش کے عہد کا ایک نامور امیر : عزالدین بختیار

ملک عزاالدین بختیار کا ذکر دیوانِ سراجی خراسانی میں اس طرح ہے کہ سراجی نے اس کی ایک مدح میں ایک قصیدہ لکھا ۔ اس دیوان کی اشاعت تک اس امیر کی شخصیت کا واحد ماخذ یہی دیوان تھا ۔

سراج الدین خراسانی تخلص سراجی ، سلطان التتمش کے عہد کا ایک مشہور شاعر تھا ، دلّی آنے سے قبل وہ مکران (بلوچستان) میں تھا۔ مدت سے اس کے دیوان کے نسخے نایاب ہو چکے تھے ، راقم السطور کو اپنی تحقیقات کے درمیان اس کے دو نسخے ملے اور ان کے باھمی مقابلے سے اس کا ایک انتقادی متن ۱۹۷۲ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے شائع کیا ، اس سے پہلے کے مملوک دور کے کسی شاعر کا دیوان معلوم نہیں ، اس بنا پر اس دور کا قدیم ترین صاحب دیوان شاعر ہے ، سراجی نے اس دور کی بعض شخصیات کی مدح میں قصائد لکھے ہیں ، ان میں سے ایک عزالدین بختیار ہے ۔ قصیدہ یہ ہے (۱)

تا زدم اندر سرزلف بت دلدار دست
پای صبر من برفت از جای و شد از کار دست

پای صبر آید بجای و دست باکار ، ار زنم
بار دیگر برسر زلف بت دلدار دست
ای بساکزدرد هجرش هر شبی دریای غم
بیدلان بر سر زنند از انده و تیمار دست
تا بنفشه سر برآورد از گلشن ، آمد ازو
پای دل درسنگ ، جان را شد زغم برخار دست
پای امید وصال یارچون از دست شد
مانده ام برسر شب و روز از فراق یار دست
دست دل درپای وصل یار اندک میرسد
زان سبب از هجر او برسر زنم بسیار دست
پای دل زان طرهٔ طرّار تا دربند شد
شستم از جان برسر آن طُرهٔ طرّار دست
می زنم تاپایمال درد هجرش گشته ام
هر شبی تا روز سر برسنگ و بر رخسار دست
ازره خون ریز در پای اجل ، دارد یکی
باسر تیغ ملک آن غمزهٔ خونخوار دست
آفتابِ قدر عزالدّین که از پای شرف
برسرگردون زند در کوکب سیار دست
بختیار احمد آن سر دفتر کلّ ملوک (۲)
کوبپای قدر برد از گنبد دوار دست
سرفراز لشکر خسرو که باشمشیر او
فیل نشناسد زپا اندر صف پیکار دست

سست گردد پای و دست یکجهان اعدای دین (۳)
از سرکین چون زند در تیغ گوهر بار دست
تیغ او مریخ را سراز بدن بیرون برد
گرندارد پای او زین سیرناهموار دست
پیکی از پیکان او گرپای بگشاید بروم
هیچ ترسارا نیاید برسرزنار دست
گرنسیم خلق او سر در چنارستان نهد
برکند پای چنار ازنامهٔ تاتار دست
زیر پای اوجهان گر سربسر گنجی شود
از سرهمت نیالاید بدان مقدار دست
سرکشان را روح شب خوش باد درآن دم که زد
درعنان باد پای تند خوش رفتار دست
خود چون برسرنهد آید به تنها در مصاف
پای پیش آرد ، برد از لشکر جرّار دست
ای ترا چون رستم دستان بروز رزم پای
وزسر احسان بسان حیدر کرار دست
--- (٤) حاسد نه بیند روز رزم
باسر شمشیر تو شوید زجان ناچار دست
حاسد اندر پای تو از بیم تو دانی که چیست
صورت بی سر پدید آورده از دیوار دست
نردبان چرخ تاسع آورد در زیر پای
برسر بام جلالت تابود معمار دست

رایض (۵) رای ترا آسان بپای آرد رکاب
سرکش گردون که هر کس رادهد دشوار دست

آسمان صد بار بوسد پای آنکس را که او
سرفرود آرد ، ببوسد مرترا یکبار دست

مادحانت از شرف سربرسپهر افراشتند
سایلانت پای برگنج اند و بر دینار دست

سرفرازا بندهٔ داعی سراجی آنکه برد
درچه ؟ دریای شرف از نسبت مختار دست (٦)

برسر است اندر سخن از زمرهٔ ابنای جنس
برده باپای فکر زین شیوهٔ اشعار دست

دست برسر نه مر او را تابه پای مدح تو
چرخ را برسرنهد از نسبت آثار دست

چون کند دُرِّ ثنا درپای مدح تونثار
از ره لطف و مروت ۰۰۰ (۷) دست

تاطبیب حاذق اندر پای مرد بی علاج
آورد از روی رحمت برسر بیمار دست

حاسدت بیمار باد و پای بر بستر دراز
چشم در غرقاب و سر در گردش و بیکار دست

پای تو جاوید باد اندر رکاب و داشته
برسرتو حرز و حفظ ایزد جبار دست

قبل اس کے کہ اس قصیدے کی تاریخی حیثیت کی طرف توجہ کی جاے
چند ایسے امور کے متعلق جو لسانی و ادبی اہمیت کے ہیں ، چند باتیں پیش

کی جاتی ھیں۔

۱ ۔ یہ قصیدہ التزامی (۸) ہے ، ہر شعر میں ' سر ' اور ' پا ' دو لفظ برابر استعمال ہوئے ہیں ۔ ردیف ' دست ' ہے ، اس لحاظ سے تین عضوِ بدن ہر بیت میں آئے ہیں ، سراجی نے قدما کی پیروی میں کافی التزامی قصائد لکھے ہیں ، لیکن ان التزامی قصائد سے یہ قیاس کرنا کہ ممدوح التزامی نظموں کا مداح تھا ، درست نہ ہو گا ۔ البتہ اتنا ضرور ہے کہ ممدوح کا ادبی پایہ بلند رہا ہو گا ورنہ اس قصیدے سے وہ کیونکر محظوظ ہوتا ۔

۲ ۔ التزامی قصیدے میں خواہ مخواہ کی پابندی سے لطف سخن جاتا رہتا ہے ، اور کہیں کہیں غیر معمولی تعقید پیدا ہو جاتی ہے مبتدا خبر ایک دوسرے سے اتنے دور ہو جاتے ہیں کہ ان کے درمیان ربط قائم کرنا مشکل ہوتا ہے ، اسی وجہ سے بسا اوقات مفہوم بہت پیچیدہ ہو جاتا ہے بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ التزامی منظومات شعری و ادبی لحاظ سے بھی بلند پایہ قرار پا سکیں ، یہی حال سراجی کے قصیدے کا ہے ، البتہ اس سے شاعر کی قادر کلامی ظاہر ہوتی ہے ۔

۳ ۔ اس قصیدے میں سر ، پا اور دست کی تکرار سے بیسیوں محاورے نظم ہو گئے ہیں ان میں بعض ایسے ہیں جن کا احاطہ فارسی لغات بھی نہیں کر سکی ہیں ، یہ محاورے حسب ذیل ہیں :

دست اندر زدن ، از جا رفتن ، دست از کار شدن ، صبر بجاآمدن ، دست باکار شدن ، دست برسرزدن ، از اندوہ دست برسرزدن ، سربر آوردن ، پای درسنگ آمدن ، دست برخار شدن ، از دست شدن ، دست برسر ماندن ، دست درپای وصل رسیدن ، پای دربند شدن ، دست از جان شتن ، پایمال چیزی شدن ، سربرسنگ زدن ، دست بررخسار زدن ، دست باسر یکی داشتن، دست

درچیزی زدن ، دست بردن ، دست از پانشناختن ، دست در تیغ زدن ، دست از چیزی داشتن ، دست برسر چیزی آمدن ، دست برکندن ، دست آلودن ، دست درعنان زدن ، دست در زیر پا آوردن ، رکاب به پا آوردن ، دست دادن ، سربرسپهر افراشتن ، پای برگنج بودن ، دست بر دینار بودن، دست داشتن ، برسربودن ، دست برسر نهادن ، برسرکسی دست آوردن ، پای در رکاب بودن ۔

(۳٦) شعر (۹) کے قصیدے میں اتنے محاورات کا استعمال شاعر کی زبان پر بے پناہ دستگاہ کا مظہر ہے ۔

جیسا عرض ہو چکا ہے قصیدہ متذکرالصدر ملک عزّالدین بختیار کی مدح میں ہے ، قصیدہ کے متن میں فقرہ بختیار احمد ، آیا ہے ، اس میں اضافت ابنی ہے یعنی بختیار بن احمد ، اور عنوانِ قصیدہ میں ممدوح اور اس کے باپ کا نام اس طرح آیا ہے :

ملک عزالدین بختیار بن احمد ، اس سے بالکل واضح ہے کہ ملک عزالدین کے باپ کا نام احمد تھا ۔

راقم الحروف نے دیوان سراجی کی تعلیقات میں سراجی کے بعض ممدوحین کی شخصیت کے تعین کرنے کی کوشش کی تھی ، ان میں سے ایک عزالدین بختیار بھی تھا ، مگر اس کی شخصیت کے تعین می کامیابی نہیں ہوئی (۱۰) دراصل یہ نام بہت عام ہے ، خود اس ملک کے معاصرین میں ایک نہایت مشہور امیراس کا کسی قدر ہمنام گذرا ہے ، وہ فاتح لکھنوتی تھا (۱۱) ، اس کا نام دو طرح پر ملتا ہے ، ملک اختیار الدین محمد بختیار (طبقات ناصری ج ۱ ص ٤۲۲ ، ٤۲۳ ، ٤۳۳) اور عزالدین محمد بختیار (ایضاً ص ٤۱۷ ، ٤۵۱ ، نیز راورٹی ج ۱ ص ۵٤۸ ح ۱) لیکن عز الدین بختیار ممدوح سراجی فاتح لکھنوتی سے الگ شخصیت تھی ، اس کے وجوہ یہ ہیں :

۱ ـ دونوں کے ناموں میں فرق ہے ، ممدوح سراجی کا نام عزالدین بختیار اور فاتح لکھنوتی کا عزالدین محمد بختیار ہے ـ

۲ ـ دونوں کے باپ کے ناموں میں فرق ہے ، عزالدین بختیار کے باپ کا نام احمد جیسا کہ عنوانِ قصیدہ و متن قصیدہ سے ظاہر ہے، عزالدین بختیار احمد میں اضافت ابنی ہے یعنی عزالدین بختیار بن احمد ، فاتح لکھنوتی ، کا نام عزالدین محمد بختیار ملتا ہے ـ اس میں بھی اضافت ابنی ہے یعنی عزالدین محمد بن بختیار ، اس سے واضح ہے کہ فاتح لکھنوتی کے باپ کا نام بختیار تھا ـ

(۳) فاتح لکھنوتی یعنی عزّالدین محمد کی وفات ۶۰۲ ھ (۱۲) میں ہوئی جب سراجی مکران میں تھا ، اس سے واضح ہے کہ سراجی اس امیر کی وفات کے بعد دلّی پہنچا ہے ، اس بنا پر فاتح لکھنوتی اور سراجی کی ملاقات نہیں ہو سکی ، اس سے واضح ہے ، کہ وہ سراجی کا ممدوح نہیں ہو سکتا ـ

(٤) عزالدین محمد بن بختیار فاتح لکھنوتی خلجی تھا ، جب کہ ممدوح سراجی خلجی نہ تھا ـ طبقات ناصری کے ایک مخطوطے میں عزالدین بختیار خلجی نام ملتا ہے ، لیکن یہ غلط فہمی کا نتیجہ ہے ـ

ایک مدت تک عزالدین بختیار کے بارے میں صرف اتنی باتیں معلوم تھیں، ۱۹۷۲ میں دیوان سراجی چھپا ، اس کے ایک ہی سال بعد مئی ۱۹۷۳ء میں مہر ولی کے نواح میں ایک قبر پر عزالدین بختیار کے نام کا ایک کتبہ برآمد ہوا ـ یہ قبر مہرولی گاؤں کے باہر ایک قبرستان میں ہے ، یہ قبرستان ایک سڑک کے کنارے ہے جو گڑ گاؤں کو جاتی ہے ، اس اہم تاریخی کتبے کی تشخیص ڈاکٹر ضیاء الدین ڈیسائی کے ذریعے ہو سکی ، موصوف نے اس کتبے کے تعلق سے ایک عالمانہ یادداشت سپرد قلم کی جو

Epigraphia Indica تتمۂ عربی فارسی ۱۹۷۵ء کے واسطے سے ۱۹۸۳ء میں شائع ہوئی ، یہ تین سطری کتبہ اس طرح ہے (۱۳)

(۱) وفات سپھسا [لار] مرحوم

(۲) مغفور عزالدین بختیار روز دوشنبہ

(۳) نوزدھم ماہ جماد (١٤) الآخر بودسنہ ست عشر و ستمائة

اس سے واضح ہےکہ عزالدین بختیار سپہ سالار تھا اور اس کی وفات دوشنبہ ۱۹ جمادی الآخر ٦١٦ھ میں ہوئی تھی ۔

صاحب قبر سراجی کا ممدوح تھا ، اس کے دو مضبوط قرینے ہیں :

(۱) سراجی التتمش کے دور میں دلّی میں موجود ہے ، اور عزالدین بختیار کی اس سلطان سے وابستگی تاریخوں سے واضح ہوتی ہے ۔

(۲) کتبے میں عزالدین محمد کو سپہ سالار بتایا گیا ہے اور دیوان سراجی میں بھی اس کی سپہ سالاری واضح ہے ۔

سرفراز لشکر خسرو کہ باشمشیر او
فیل نشناسد زپا اندر صف پیکار دست

(۳) دونوں جگہ کے ناموں میں کوئی فرق نہیں ۔

ڈاکٹر ڈیسائی نے بالکل صحیح لکھا ہے کہ عزالدین بختیار کا ذکر طبقات ناصری میں سلطان التتمش کے امرا کے ذیل میں ایک بار (۱۵) بغیر کسی تشریح کے آیا ہے ، جبکہ تاج المآثر میں حسن نظامی (١٦) نے دو واقعات کے ضمن میں عزالدین بختیار کا ذکر کیا ہے ۔ پہلا واقعہ وہ ہے جس میں عزالدین مع چند اور امرا کے سرجاندار (١٧) تتر کی بغاوت فرو کرنے کے لئے متعین ہوا تھا ۔ تاج المآثر (۱۸) میں ہے

' جمعی از صفداران دھروسروران عصر چون عزالدین بختیار و نصیر الدین

مردان شاه و هز برالدین احمد سود (۱۹) و افتخار الدین محمد عمر (۲۰) که از نهیب تیغ آبدار آتشبار ایشان آب و آتش در دل سنگ و آهن چون مغز درپسته محاصر شدی و مانند افسر برزنرگس خود و مغفر برسرنهاده در متابعت رایات خورشید فر و مشایعت اعلام ماه پیکر بسان نیزه و قلم منطقهٔ جان سپاری برمیان بستند و دست جنگ و پیکار سوی تیغ رزم و کارزار بردند، همه چون ماه راه جوی و زود سیرو بسان عطارد کاردان و صاحب تدبیر و مانند زهره بزم آرای و می گسارو بکردار آفتاب تیغ زن و خنجرگذار و مماثل مریخ حمله بر و حمله پذیر و مشاکل مشتری صائب رای و صافی ضمیر و بصورت کیوان شل دار وهله انداز و بصفت شهاب جهان سوز و جنگ ساز۔

یہ واقعہ ترکوں سے جنگ کا ہے جو التتمش کی تخت نشینی کے پہلے ہی سال ۶۰۷ ھ میں رونما ہوا، یہ واقعہ تفصیل سے تاج المآثر (۲۱) میں مذکور ہے، طبقات ناصری (۲۲) میں بھی اس کی صدائے بازگشت اس طرح ملتی ہے:

(التتمش) درشہور سنہ سبع و ستمائة برتخت دهلی بنشست و ضبط کرد و چون ترکان و امرای قطبی از اطراف بدهلی جمع شدند و بعضی از اتراک و امرای معزی باایشان جمعیت کردند و طریق مخالفت سپردند و از دهلی بیرون رفتند و در حوالی جمع شدند و عصیان و خروج آغاز نهادند، سلطان شمس الدین باسوار قلب و خدم خاص خود از دهلی بیرون رفت و درپیش صحرای جود (۳۳) ایشان را منهزم گردانید و گفت تاسر ایشان را بزیر تیغ آوردند۔

تاج المآثر کے بیان کو طبقات کے بیان سے ملانے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ عزالدین بختیار اور نصیر الدین مردان شاہ وغیرہ جو اس بغاوت کو فرو کرنے کے لیے نکلے تھے 'سواران قلب' میں رہے ہوں گے۔ تاج المآثر سے معلوم

نہیں ہوتا کہ سلطان بہ نفس نفیس اس مہم کی قیادت کر رہا تھا لیکن طبقات کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ وہ خود اس مہم میں شریک تھا۔ تاج المآثر کی طرح طبقات میں بھی ہے کہ باغی فوجوں کا مقابلہ صحرائے جود میں ہوا تھا

دوسرا (۲۴) واقعہ جالیور (۲۵) کی فتح سے تعلق رکھتا ہے، اس مہم میں جو سردار تھے ان میں عز الدین بختیار بھی شامل تھا، ملاحظہ ہو ' جمعی از ارکان ملک و اعیان روزگار چون رکن الدین حمزہ و عزالدین بختیار و نصیر الدین و مردان شاہ، و نصیر الدین علی و بدر الدین سنقرتگین کہ بخدنگ مرغ صفت از آئینہ مہر و ماہ ہدف و برجاس سازند -- برسمت جالیور نہضت فرمودند '۔

یہ مہم بھی ترکوں کی بغاوت فرو ہونے کے قریبی عرصے میں شروع ہوئی، اس بنا پر بظن قوی ۶۰۷ھ کے آخر یا ۶۰۸ ھ کے شروع میں جالیور کی فتح ہوئی ہو گی، اس فتح کی کوئی تفصیل طبقات میں نہیں ہے، صرف شمس الدین کے دائرہ فتوح میں جالیور (۲۶) کا نام ملتا ہے جیسا کہ عرض ہو چکا ہے مہر ولی کے کتبے کے بموجب ملک عزالدین بختیار کی وفات ۶۱۶ھ میں ہوئی، وفات کے وقت اس کی عمر زیادہ نہ ہو گی اس لئے ۸ ۔ ۹ سال قبل سپہ سالاری کے فرایض دو مسلسل جنگوں میں قابلیت کے ساتھ ادا کئے، اس بنا پر قیاس ہوتا ہے ان جنگوں کے موقع پر وہ پچاس سال سے کم ہو گا، اس لحاظ سے وفات کے وقت وہ ۵۸ سال سے کم رہا ہو گا۔

ایک اور قابل ذکر امر یہ ہے کہ عزالدین بختیار اور نصیر الدین مردان شاہ دونوں مہموں میں شریک تھے، آخر الذکر جس کا ایک دوسرا نام نصیرالدین میران شاہ طبقات کے بعض نسخوں میں ملتا ہے (۲۸) غالباً محمد چاوش کا بیٹا تھا، طبقات ناصری میں التتمش کے ملوک میں اس کا نام ملتا

ہے (۲۹) اور اس کو ملک کرہ بتایا گیا ہے ، اور بعض نسخوں میں وہ ایک ملک الامرا افتخار الدین امیر کرہ کا بھتیجا کہا گیا ہے ۔ بہر حال طبقات کی رو سے افتخار الدین کا شمار دور شمسی کے ملوک میں تھا ، جالیور کی مہم میں ایک امیر رکن الدین حمزہ کا نام ملتا ہے ، طبقات ناصری میں شمسی دور کے ملوک کے ذیل میں اس امیر کا پورا نام رکن الدین حمزہ عبدالملک (۳۰) اور رکن الدین حمزہ عبدالجلیل (۳۱) کی شکل میں آیا ہے ۔

ڈاکٹر ڈیسائی صاحب نے فوائد الفواد کے حوالے سے ملک عزالدین بختیار کی ایک مسجد کا ذکر کیا ہے ، حضرت نظام الدین اولیا نے ۲۷ ذی قعدہ ۷۱۵ ھ کی ایک مجلس (۳۲) میں فرمایا ہے کہ شیخ قطب الدین بختیار اوشی اور شیخ جلال الدین تبریزی کی ایک بار ملاقات ملک عزالدین بختیار کی مسجد میں ہوئی یہ مسجد اس کے گرمابے کے سامنے تھی ، واضح ہے کہ یہ مسجد اور گرمابہ ٦۱٦ھ (وفات عزالدین) سے قبل بنے تھے اور ۷۱۵ھ تک اپنی جگہ پر باقی تھے ، ملک مذکور کے کار خیر کی نشانی بھی اب مٹ چکی ہے ۔

ملک عزالدین بختیار کی قبر کے کتبے سے سراجی کے سلسلے میں ایک نہایت مفید بات معلوم ہوئی ، کتبے میں ملک مذکور کی وفات ٦۱٦ھ درج ہے اور اس ملک کی مدح میں سراجی کا قصیدہ موجود ہے ، اس لیے ظاہر ہے کہ سراجی اس ملک سے متعلق رہ چکا تھا ، بنابرین واضح ہے کہ سراجی ٦۱٦ ھ سے کافی پہلے مکران سے دلّی آچکا تھا مذکورہ کتبے کی دریافت سے پہلے صرف اتنا معلوم ہوتا تھا کہ سراجی سلطان التتمش کے عہد میں دھلی آچکا تھا اس کے قصیدے سلطان کے بڑے بیٹے سلطان ناصر الدین محمود کی مدح میں ہیں ، اس سلطان کی وفات ٦۲٦ ھ میں ہوئی تھی ، اس بنا پر سراجی

کا ورود ہند ٦٢٦ ھ سے کچھ قبل ہوا تھا ، اب کتبے کی دریافت سے یہ بات طے ہو گئی کہ سراجی ٦١٦ھ سے کافی پہلے دلّی آچکا تھا ، سراجی کے ایک قصیدے (٣٣) سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ٦٠٩ھ میں مکران میں تھا ، اس اعتبار سے اس شاعر کے ہندوستان آنے کی تاریخ ٦١٠ اور ٦١٤ کے درمیان ہو گی ۔

عزالدین بختیار کے نام کے ساتھ طبقات کے بعض نسخوں میں غوری اور ایک آدھ نسخوں میں خلجی نسبت درج ملتی ہے ، لیکن کتبے ، دیوان سراجی اور تاج المآثر تینوں جگہوں پر اس کا نام بغیر کسی نسبت کے ملک عزالدین بختیار آیا ہے اس بنا پر طبقات کے نسخوں کی شہادت قابل قبول نہیں ، دیوان سراجی سے اس کے باپ کا نام احمد معلوم ہوا۔

ملک عزالدین بختیار کے کتبے کی اہمیت کئی اعتبار سے ہے ، اوّل یہ کہ اس کے مرتبے کے امیر کا کتبہ دلّی اور نواح میں مکشوف نہیں ہوا ہے ، گویا کسی نامور امیر کا سب سے قدیم کتبہ ہے ، دوم یہ کہ اس سے صرف ایک ہی قدیم کتبہ دلّی میں مکشوف ہوا ہے ، اس کا نام سعد بن حسین اور تاریخ وفات ٦١١ ھ ہے ، سوم یہ کہ چونکہ عہد مملوک کے بہت ہی کم امرا کے حالات ملتے ہیں ، اس لحاظ سے یہ کتبہ بہت قابل قدر ہے ۔

تفصیلات بالا سے اس حقیقت کا انکشاف ہوا کہ تاریخی کتب کے علاوہ تاریخ کے اہم مآخذ شعر و ادبی تصانیف ، کتبے اور سکّے بھی ہیں اور کسی قوم کی صحیح تاریخ اسی وقت تیار ہو سکتی ہے جب ان مآخذ کا صحیح طور پر استعمال ہو ، اس گزارش سے یہ بھی ظاہر ہو گا کہ تحقیق کا قدم آہستہ آہستہ آگے بڑھتا ہے ، خود امیر عزالدین بختیار کو لیجئے ، ١٩٧٢ سے پہلے سوائے اس کے نام کے کچھ معلوم نہ تھا ، اور اس نام میں کچھ اختلاف تھا ، یہ موضوع مواد کی کمی کی بنا پر تحقیقی موضوع بھی قرار نہ پایا تھا

، دیوان سراجی کی دریافت ہوئی تو اس سے یہ معلوم ہوا کہ سلطان التتمش کے دور کا یہ امیر سراجی کا ممدوح تھا ، اس کے ساتھ اس کا صحیح نام اور اس کے باپ کا بھی نام معلوم ہو گیا ۔ قصیدے کے اشعار سے پتا چلا کہ وہ بڑے درجے کا امیر ، سردار اور سپہ سالار تھا ، اور شاید التتمش کے سواران قلب میں بھی شامل ہو ۔ ایک ہی سال کے اندر اس کا کتبہ برآمد ہوا تو اس کی سپہ سالاری کا قطعی ثبوت فراہم ہو گیا ، پھر سب سے زیادہ بیش قیمت بات یہ معلوم ہوئی کہ اس نے ٦۱٦ ھ میں وفات پائی اور مہرولی کے قریب کے قبرستان میں اس کی تدفین ہوئی ، اس سے اس بات کا ثبوت فراہم ہوا کہ اس کا مستقر وہی علاقہ تھا ، پھر اسی علاقہ میں اس کی بنوائی ہوئی مسجد اور گرمابے سے یہ بات مسلم ہوئی کہ ملک عزالدین بختیار کا حلقۂ اقتدار انہی اطراف میں رہا ، طبقات اور تاج المآثر کے اشارات سے اس امیر کے بعض کارناموں پر روشنی پڑی ، امید کی جاتی ہے کہ مزید تحقیق سے اس امیر کی زندگی کی ساری کڑیاں ایک سلسلے میں جڑ جائیں اور اس کے زندگی کی ایک جیتی جاگتی تصویر سامنے آجائے ۔

حواشی

(۱) دیوان ص ۳۷ ۔ ۳۹

(۲) اس فقرے کے لئے دیکھئے دیوان سراجی ص ۱٤۲ : آنکہ برکل ملوکش افتخار آمدپدید ۔

(۳) اس فقرے کے لئے دیکھئے دیوان سراجی ص ۳۰۵ : یکجہان اعدای دین را بینی آن دم روی چشم ۔

(۴) نسخوں میں یہاں آنے والی بیت کے الفاظ دہرا دئے گئے ہیں ۔

(۵) اس بیت میں سراجی نے تمکین کو رایض سے تشبیہ دی ہے :

ابلق ایام رارایض تمکین او زین مرادش نہاد کردہ بکامش لگام (دیوان ص ۲۲٤)

(٦) سراجی سید تھا اور اسے اپنی سیادت پر بڑا فخر تھا :

داند جهان که نسبت ذاتم بپیمبریست

نوباوهٔ وجود من از باغ حیدریست (ص ٥٤)

زخاندان نبوت یکی ضعیف منم

برفته آب رخم از برای نام جهان (ص ۲۵۱)

(۷) نسخے ناقص تھے ۔

(۸) ایسے منظومات جن میں بعض الفاظ ، فقرات یا کسی اور امر کی بار بار تکرار کا التزام ہو ، ملاحظہ ہو مقدمۂ دیوان سراجی ص ٥٤ ـ ٥٥

(۹) یہاں قصیدے کے تین شعر نقل نہیں ہوئے ہیں ۔

(۱۰) رک : مقدمۂ ص ۳۱

(۱۱) رک : طبقات ناصری طبع کابل ج ۱ ص ٤۲۲ ـ ٤۳۲ ، نیز ترجمہ انگریزی راورٹی ج ۱ ص ٥٤٨ ـ ٥٧۳ ـ

(۱۲) طبقات ناصری ج ۱ ص ٤۳۲

(۱۳) بخوبی ممکن ہے کہ بسملہ کے سلسلے کے چند الفاظ مٹ گئے ہوں ۔

(۱۴) یہ لفظ ، جمادا حاضر، پڑھا جاتا ہے ۔

(۱۵ رک : ج ۱ ص ٤٥ حاشیہ سطر آخر ، راقم نے تعلیقات دیوان سراجی میں طبقات سے کافی استفادہ کیا ہے ، لیکن یہ نام نظر نہیں آیا ۔

(۱٦) نسخۂ ترکی مکتوبہ ٦٩٤ ھ ، اوراق ۲٤٨ ، ۲٥٥ ۔ روٹو گراف پروفیسر نظامی کے پاس ہے ، اسی سے استفادہ ہوا ۔

(۱۷) ڈیسائی صاحب نے نسخہ سالار جنگ مکتوبہ ۷٥۲ اوراق ۲۰٤ ، ۲۰۹ کی رو سے بھی لکھا ہے اور اسی کی تائید فرشتہ وغیرہ سے بھی ہوتی ہے لیکن ترکی کے نسخے میں دونوں جگہ وبسرجاندار ہے ۔ ورق ۲٤۱ ، ۲٥۔

(۱۸) ورق ۲٤٨

(۱۹) کذاست در نسخہ ترکی ، سالار جنگ کے نسخے میں ، سود ، نہیں ہے ۔

(۲۰) سالار جنگ کے نسخے میں ، عمر ، نہیں ہے ۔

(۲۱) ورق ۲٥٥

(۲۲) ج ۱ ص ۱٤٤ ، راورٹی کا خیال ہے کہ یہ جنگ آرام شاہ پسر ایبک اور التتمش کے درمیان ہوئی ۔ رک ترجمہ انگریزی ج ۱ ص ٦۰٦ حاشیہ

(۲۳) فیروز شاہ سے جب اس کی ماں ملکہ جہان کی مخالفت ہوئی تو فوجیں باغ جود تک آئیں ، دیکھئے طبقات ج ۱ ص ۴۹۳ ، ج ۲ ص ۳۹ باغ جود حوالی شہر میں ہے ۔

(۲۴) اصل متن میں سوار قلب ہے راورٹی کے نزدیک یہ وہ دستہ تھا جو دلّی کی فوج کا مرکزی دستہ تھا ۔ دیکھئے ج ۱ ص ۶۰۶ ح

(۲۵) نسخہ ترکی ورق ۲۵۵

(۲۶) کذاست در طبقات ، لیکن راورٹی نے ترجمہ انگریزی ۱ : ۶۲۷ میں جالور لکھا ہے ۔

(۲۷) طبقات ج ۱ ص ۴۵۲ ح

(۲۸) ایضاً ص ۴۵۰ : ملک نصیر الدین میران شاہ پسر میر چاوش خلج ، ص ۴۰۱ ح : نصیر الدین مردان شاہ محمد چاوش ، نیز رک : راورٹی ج ۱ ص ۶۲۶

(۲۹) طبقات ج ۱ ص ۴۵۰ ۴۵۱ ح

(۳۰) راورٹی ج ۱ ص ۶۲۶

(۳۱) طبقات ج ۱ ص ۴۵۱

(۳۲) طبع لاہور ص ۲۵۶ ۔

(۳۳) یہ قصیدہ مکرانی حکمران نصرت الدین ابوالخطاب کی مدح میں ہے مطلع میں تاریخ وفات درج ہے :

ماہ فروردین در آمد روز نوروز قدیم

سال ہجرت خاوطاہرحکم احکام حکیم

(خا = ۶۰۰ ، طا = ۹ = ۶۰۹)

عارف نوشاهی

کتابهای تازه

* دراین بخش فقط آثار مربوط به زبان و ادبیات فارسی و فرهنگ اسلام و ایران نقد و معرفی می شود ـ

* مؤلفان و ناشران ازهر کتاب دو نسخه به دفتر دانش ارسال کنند ـ

آثار دکتر هاشم رجب زاده

دکتر هاشم رجب زاده چند سالی است که در دانشگاه مطالعات خارجی اوساکا، ژاپن زبان فارسی تدریس می کند و در کنارش مشغول به پی بردن نکته های مشترک مابین فرهنگ ژاپنی و ایرانی نیزمی باشد . وی کوشیده است که تاریخ و فرهنگ سرزمینِ آفتاب را به جهانی منعکس کند که آنجا خورشیدِ فارسی می تابد .

اخیراً از طرف این نویسندهٔ محترم کتابهای زیر به دفتر دانش دریافت شده است که می رساند وی در ژاپن شناسی چه زحمتهای کشیده است :

* تاریخِ ژاپن از آغاز تا معاصر

نگاهی به زمینه و مایه های فرهنگ و تمدن امروز سرزمین آفتاب

نوشتهٔ دکتر هاشم رجب زاده

ناشر : مؤلف ـ گاندی ، خیابان ششم ، شمارهٔ ٤ ، تهران ، ۱۳٦٥ ش . بیست و دو + ٦۰۰ ص ، ۱۸۰۰ ریال .

این کتاب قطور در دو بخش تقسیم شده است . بخش اول از آغاز تا نهضت (تاسالِ ۱۸٦۸) و بخش دوم از نهضت تا پایان جنگ (۱۸٦۸ تا ۱۹٤٥) . نگارنده بیشتر به تاریخ سیاسی پرداخته است .

* چنین گفت بودا

ترجمهٔ فارسی از دکتر هاشم رجب زاده

بنیاد ترویج آئین بودا ، توکیو .

۱۹۸۵ م ، چاپ دوم ، ۳۰۸ ص .

مشتمل برگفتارها و آموزش های بودا است . وی می گوید : کتابِ مقدسی را که از روی خلوص نخوانندش بزودی گرد و غُبار بپوشاند ـ خانه ای را که به هنگام شکستگی مرمّت نکنند زُود به ویرانی اُفتد . هم چنین یک آدم بی همت و کاهل دیرنباشد که تباه شود (ص ۱۸۹).

* بوچان

سوسه که ناتسومه (نویسندهٔ ژاپنی)

ترجمهٔ دکتر هاشم رجب زاده

انتشارات توس ، تهران .

۱۳۵۹ ش، ۱۷۲ ص .

بوچان قصّهٔ شورانگیز زندگی است ، حکایتی از شوق و شرار سینه سوزِ انسانِ آزاده ای که بازمانهٔ ناساز می ستیزد و یک تنه به پیکار پلیدی و نامردمی برمی خیزد . (مقدمهٔ مترجم ص ۵)

* قهرمانان درافسانه ها و تاریخ ژاپن

برگردان : دانشجویانِ ژاپنی رشتهٔ فارسی دانشگاه توکیو

به اهتمام : دکتر هاشم رجب زاده

انتشارات فردوسی ، تهران .

۱۳۶۳ ش ، ۱۰۳ ص .

این دوّمین دفتر قصّه ایست که دانشجویان رشتهٔ فارسی دانشگاه

مطالعات خارجی توکیو (سالِ تحصیلی ۸٤ ـ ۱۹۸۳) نوشته اند . دفتر حاضر با دوازده قصّه به قهرمانان و رزمندگان اسطوره ای ژاپن اختصاص دارد .

* تاریخ نویسی فارسی در هندو پاکستان . تیموریانِ بزرگ ـ بابرتا اورنگ زیب ۹۳۲ ـ ۱۱۱۸ هـ. ق.

نگارش دکتر آفتاب اصغر

خانه فرهنگ جمهوری اسلامی ایران ، لاهور

۱۳٦٤ ش ، ۲٦ + ۵۷ ص .

پیش از این دو کتاب جداگانه در این زمینه که مردمِ شبه قارهٔ هند و پاکستان و بانگلادش به زبانِ فارسی چقدر خدماتی انجام داده اند ، چاپ شده است . یکی ' فرهنگ نویسی فارسی در هندو پاکستان ' تألیف دکتر شهریار نقوی و دوّمی ' تذکره نویسی فارسی در هندو پاکستان ' تألیف دکتر علی رضا نقوی . کتابِ موردِ نظر نیز مثل دو کتاب فوق الذکر پایان نامهٔ دکتری است که از دانشکدهٔ ادبیات و علوم انسانی دانشگاه تهران گذرانده شده است .

نگارنده دراین کتاب رویهمرفته ۱۳۱ متنِ تاریخی را موردِ بررسی قرار داده است . و در هریکی از آن شرح حالِ نویسنده و محتویاتِ کتاب ، ارزشِ تاریخی و نسخ خطّی آن را نشان داده است که کاریست بسیار مفید و ارزنده.

میانِ تألیف و چاپ این کتاب فاصلهٔ چند ساله وجود دارد و دراین مدّت در خود تاریخِ تغییرات و تحولاتی رخ داده است . اماً چنین بنظر رسید که نگارندهٔ محترم وقتی این کتاب را برای چاپ آماده کرده است در آن تجدید نظر نفرموده و هنوز دراین کتاب صحبت از ' پاکستان غربی ' (ص ۱ ، ۲) دیده می شود .

در ص ٤۷۹ از قولِ اته (فهرست نویس ایندیا آفس) کتابی بنام ' تنقیح

الاخبار ؛ (تاریخ تألیف ۱۱۲۵ ھ) به ملاّ محمد ماه کنجاهی نگارندهٔ ثواقب المناقب منسوب شده است . من به فهرست ایندیا آفس مراجع کرده ام ، اولاً آنجا نام نگارنده فقط ملاّ محمد ماه آمده است یعنی بدونِ نسبت مکانی او کنجاه . ثانیاً اته تصریح کرده است که این اسم در متنِ کتاب دیده نمی شود و فقط روی صفحه عنوان (Fly leaf) ثبت شده است ـ علاوه براین بنظرم از جهات دیگر نیز انتساب این کتاب به محمد ماه کنجاهی موردِ شک قرار می گیرد .

الف ـ محمد ماه کنجاهی در مقدمهٔ ثواقب المناقب (که آخرین اثرِ اوست) از همهٔ آثار خود نام برده است . ولی نام تنقیح الاخبار درآن دیده نمی شود . و همچنین درمآخذ دیگری که در شرح احوال و آثار اوست (مانند سفینهٔ هندی ، سفینهٔ خوشگو ، مجمع النفائس ، شریف التواریخ ، پاکستان میں فارسی ادب کی تاریخ جلد سوم و ...) ازاین نام خبری نیست .

ب ـ ثواقب المناقب در ۱۱۲۵ ھ تألیف شده و تنقیح الاخبار نیز در همین سال نگاشته شده است . پس بعید بنظرمی رسد که یک نفر دو کتابِ قطور را در یکسال تهیه کرده باشد .

ج ـ طبع محمد ماه کنجاهی به شعر و تکلفاتِ نثری بیشتر سازگار بوده و او چندان تمایل به تاریخ نویسی نداشت ـ ثواقب المناقب که کتاب تذکره است ، درآن بیشتر صنایع و بدایع ادبی بکار بُرده شده و اصولِ تذکره نویسی کمتر رعایت شده است .

باری باید جست وجو کرد که این کتاب با تنقیح الاخبار رای منون لعل فلسفی بریلوی چه ارتباطی دارد ، هر چند این یکی کمی دیرتر تألیف شده است اما در همان موضوع است و در هفت باب . و میانِ این ملاّ محمد ماه و شیخ

محمـد ماه سودهروی چه نسبتی است که مؤخرالذکر نیز وقایع فرخ سیر را سروده است و تنقیح الاخبار مورد نقد هم تاریخ فرخ سیر را در برمیدارد .

* رباعی

سید وحید اشرف
بشیر وارثی پبلی کیشنز ، حیدرآباد ، هند
۱٤٤ ص ، ۱۹۸۷ م ، ۲٤ روپیه .

مجموعهٔ رباعیاتِ مذهبی و اجتماعی است به زبانهای اردو و فارسی . باپیشگفتار مفصل (ص ۹ ـ ٦۲) در مسایل فنی و عروضی رباعی و شرح حال سراینده بقلم خود سراینده . اینک بهره ای از ' قند پارسی ' :

از منّت دونـان بگذر ، هر چه شود
درحشمتِ شاهان منگر ، هر چه شود
آزاد بزی و دست همت بگشـــای
هر دل تو بدست آر ، دگـــر هر چه شود

گفتـم که چه شد که کاخ گردیده خاک
شد زیر سمک آنچه بده تابه سماک
گفتا که منم لیلی عشرت در کاخ
افشـردهٔ آغوش من است این خاشاک

هر کس نتـوان جان سپردن بکسی
هر چنـد کننـد دعـوی عشق بسی
دیدی که چو افـروخته شد مقتل شب
می سوختـه پروانه و خفته مگسی

* فهرست نسخه های خطی فارسی کتابخانهٔ دانشگاه پنجاب ، لاهور ـ گنجینهٔ آذر . (فارسی)

تألیف سیّد خضر عباسی نوشاهی

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد

۱۹۸۶م ، شانزده+ ۵۹۲ ص ، ۱۰۰ روپیه پاکستانی

پرفسور سراج الدین آذر (م ۱۹٤۷ م) اگرچه ۲۳ سال به تدریس زبان و ادبیات انگلیسی پرداخت امّا گرایش و علاقهٔ ، او به ادبیات زبانهای شرقی بویژه زبان فارسی بوده ، چنانکه از ' گنجینه آذر ' در دانشگاه پنجاب لاهور و از فهرستِ حاضر پیدا است .

این فهرست مشخصاتِ ۱٦۲٦ نسخه از ۹۹۲ عنونِ کتاب را بیان می کند که از آنمیان چندین نسخه منحصر به همین گنجینه می باشد .

این اولین کار نگارنده است و بااین که وی تسلط به زبان و ادب فارسی نداشته ، فهرست مورد بحث به لحاظ مراعات اصول فنی فهرست نویسی و معرفی آثار و نسخه های ناشناخته ، مفید و در خور توجه است . (سخن مدیر ـ ص هشت) .

* قصّهٔ مشایخ . (فارسی)

از خواجه محمد زاهد اتکی ، بسال ۱۱٤٦ هـ .

گردآوردهٔ نذر صابری

مجلس نوادرات علمیه ـ اتک .

۱۹۸٦م ، ۱۲+ ۵۵ ص ، ۱۵ روپیه .

اتک در مسیری قرار دارد که زبان فارسی از همان مسیر از خراسانِ بزرگ به شبه قاره راه یافته است ـ اتک شهرکی است واقع برکنارِ رُودِ سند و نزدیک به خرابه های تاکسیلا ، بازمینهٔ دراز فرهنگی . خواجه محمد زاهد نسبت به

همین شهرک دارد و خودمی نویسد : ' راقم الحروف از فرزندان حضرت شیخ نجم الدین کبری است ' و باز دربارهٔ یکی از نیاکانِ خود می گوید : ' خواجه محمد قاسم در دامنِ کوه سلطان پخته دیهه آباد کردند و او را دیهه خراسانی نام نهادند زیرا که ایشان از خراسان آمده بودند ' .

قصّهٔ مشایخ کتابیست بزرگ در شرح حال و کراماتِ سلسلهٔ نقشبندیه مجددیه . امّا در چاپِ حاضر فقط قسمتی از آن کتاب آورده شده که احوالِ متأخرین را بیان می کند . گردآورندهٔ کتاب خونِ دل خورده و این اثرِ گمنام را به معرض عام آورده است .

* المعلم (ویژه نامهٔ اقبال)

علامه اقبال کالج لاهور .

۱۲۰ ص ، ۱۹۸۷ م .

مجلّهٔ ادبی دانشکدهٔ علامه اقبال لاهور است که بمناسبت صدو دهمین سالروز ولادت اقبال لاهوری مقالات اردو را چاپ کرده است. از آنجمله مقالهٔ اقبال و رومی از محمد بشیر و اقبال از نظر ایرانیان نوشتهٔ سروان ممتاز ملک . نویسندهٔ این مقاله درسالهای ٤٦-١٩٤٤ م در تهران مأموریت نظامی داشت و می نویسد که تاآنزمان ایرانیان اقبال رانمی شناختند و اوتعداد زیادی از آثار چاپ شدهٔ اقبال را از هند برد و توسطِ وزارت آموزش و پرورش و میانِ دانشمندان ایرانی و کتابخانه های بزرگ آنجا پخش شد .

* نوابی عہد کے ہندوؤں کا فارسی ادب میں یوگدان

ڈاکٹر نریندر بہادر سریواستوا

اے بلاک ـ ۹۰ ، رام ساگر ، مصرا کالونی ـ لکھنؤ .

۲۱٦ ص ، ۱۹۸۳ء بار دوم ، ۳۵ روپے .

' ادب ' ثقافت کے اجزائے ترکیبی کا ایک نہایت اہم جزو ہے ۔ اور خاص زبان کے حوالے سے ادب کی تخلیق یا تقویت کے لئے ، میرے خیال میں ادب اور ادیب کا باہمی رشتہ نہ مذہب و مسلک سے مشروط ہوتا ہے نہ محل و مکان سے . فارسی اسلام کی دوسری اور ایران کی پہلی بڑی زبان ہے مگر خاص فارسی زبان کے حوالے سے جو ادب تخلیق ہوا ہے وہ نہ محض اسلام کے پیروکاروں کا طبع زاد ہے ، نہ فقط اہل ایران کا ۔ بلکہ آج فارسی شعر و ادب کی جو باشکوہ اور خوش منظر عمارت کھڑی نظر آتی ہے اُس کی خشتِ اوّل بہرام گور ساسانی (جلوس ۴۲۱ء ۔ فوت ۴۳۸ء) نے رکھی تھی اور حالیہ صدی میں اِس کے مُخلص خدمت گذاروں میں ایک نمایاں نام انگریز مستشرق ایڈورڈ براؤن (م ۱۹۲۶ء) کا بھی ہے . اور جب ایران کی جغرافیائی حدود سے باہر فارسی ادب کی تخلیق اور پرورش کی بات ہوتی ہے تو صرف برصغیر ہی کو ایران کا سب سے بڑا حلیف بلکہ ' حریف ' خطہ قرار دیا جا سکتا ہے ۔ کئی ایسے موضوعات ہیں جن پر ایران سے پہلے برّصغیر میں قلم اٹھایا گیا * اور کئی ایسے مضامین ہیں جن پر اہل ہند نے اہل ایران سے زیادہ شرح و بسط کے ساتھ لکھا **

---

* مثلاً فارسی زبان میں تصوف کی پہلی کتاب ' کشف المحجوب ' یا شعراء کے تذکرے میں ' لباب الالباب '

** اہل زبان ہمیشہ اس زعم میں مبتلا رہتے ہیں کہ انہیں زبان کے قواعد جاننے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی مشکل الفاظ کا مفہوم سمجھنے کے لیے وہ فرہنگوں اور شرحوں کے محتاج ہیں ۔ لہذا یہ کام غیر اہل زبان انجام دیتے ہیں ۔ جس طرح ایرانیوں نے عربوں کو عربی قواعد زبان پر بہترین کتابیں اور عمدہ فرہنگیں لکھ کر دیں اسی طرح برّصغیر والوں نے ایرانیوں سے کہیں زیادہ فارسی قواعد زبان ، شروح اور لُغت نامے مرتّب کیے ہیں ۔

جب بات ہندو پاکستان میں فارسی ادب کی تاریخ و تخلیق کی ہو تو ہم ہندوؤں کو نظرانداز نہیں کر سکتے ۔ جنہوں نے مُغل اور مابعد مُغل عہد کی اسلامی تہذیب کے دھارے میں شامل ہو کر فارسی کو ہندوستانی ادب کی زبان کی حیثیت سے اپنایا اور اسے اپنے افکار کے ابلاغ اور اپنی تخلیقی قوت کے اظہار کا ذریعہ بنایا ۔ ہنود کی فارسی ادب کے لئے خدمات کے تذکرہ پر ڈاکٹر سید عبداللہ مرحوم کی کتاب' فارسی ادبیات میں ہندوؤں کا حصہ ' کو اولیت بھی حاصل ہے اور جامعیت بھی ۔ مگر جوں جوں نئے مآخذ سامنے آرہے ہیں اس موضوع پر نئے سرے سے کام کرنے کی ضرورت بڑھ رہی ہے ۔ میں یہ بات وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ صرف پاکستانی کتب خانوں میں ہندوؤں کے فارسی آثار اس کثیر تعداد میں موجود ہیں کہ اگر ان سب کا کسی الگ کتاب میں تنقیدی جائزہ لے لیا جائے تو ڈاکٹر عبداللہ مرحوم کی کتاب اس نئے کام کا ایک دیباچہ معلوم ہو گی . میرا مقصد کسی طرح بھی مرحوم کے کام کے اہمیت کو گھٹانا نہیں بلکہ صرف یہ باور کرانا ہے کہ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس موضوع میں توسیع و تکمیل کی اب خاطر خواہ گنجائش پیدا ہو چکی ہے ۔

مرحوم سیّد عبداللہ کے بعد ، ڈاکٹر نریندر بہادر سریواستوا نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور ڈاکٹریٹ کے لیے اپنا مقالہ ' نوابی عہد کے ہندوؤں کا فارسی ادب میں یوگدان ' شائع کیا ہے ۔ نوابی عہد سے مراد اودھ کے نوابین برہان الملک (۱۱۳۴ تا ۱۱۵۱ ھ) تا واجد علی شاہ (۱۲۶۳ تا ۱۲۷۲ھ) کا زمانۂ حکومت ہے اور ' یوگدان ' ہندی زبان کا لفظ ہے بمعنی حصّہ .

کتاب حسب ذیل چھ ابواب پر مشتمل ہے :

۱ ۔ ہندوؤں کا فارسی نظم و انشا پردازی کے ارتقاء میں حصہ ۔

۲ ۔ اودھ کا تاریخی و ثقافتی پس منظر۔

۳ ۔ اودھ کے مشہور فارسی ہندو شعراء ۔ ان کے حالاتِ زندگی اور ان کے کلام کے نمونے۔

۴ ۔ اودھ کے ہندو فارسی نثرنگار ۔ ان کے حالاتِ زندگی اور تصانیف.

۵ ۔ ایک اجمالی ریویو اور خاتمہ ۔

٦ ۔ یہ باب پہلے ایڈیشن میں شامل نہیں تھا ۔ دوسرے ایڈیشن میں اضافہ کیا گیا ہے اس میں مزید ہندو شعراء کا کلام درج ہے ۔

ہندوؤں کی علمی اور فکری خدمات کے احاطہ و اعتراف کے ضمن میں یہ ایک حوصلہ افزاء کوشش ہے ، مگر کتاب کی کتابت ، طباعت اور کاغذ کا معیار ، کتاب پڑھنے والے کے حوصلے کا امتحان لیتا ہے ۔ مثلاً کتابت کی غلطیاں ملاحظہ ہوں :

بالعموم کو باالعموم [ص ۹ س ۵] ، مجمع النفائس کو مجموعۂ انفاس [۳/۱۱] ، زوال کو انزال [۸/۱۵] ، معذلک کو معذاک [۸/۲٦] ، مناصب کو مناسب [۱۷/۲٦] ، بڑا کو بڑ [۱۱/۲۸ و ۱۳] مجمع البحرین کو مجمع الجرین [۱۹/۲۸] ، عبدالجلیل کو عبدالجیل [۱۹/۳۰] ، ہفت انجمن کو ہفت انجم [۲۰/۳۳] ، ریو کو ریویو [۳۸ / حاشیہ اور متعدد بار] ، سننین کو سنن [۴/۴۲] ، ترسّل کو توسّل [۱۱/۴۵] یکیست کو یکیت [۱۴/۴۷] ، محامد حیدریہ کو مجابد حیدریہ [۱٦/۸۲] ، منہج الصادقین کو منبع الصادقین [۹/۹۰] ، سفینۂ ہندی یا حدیقۂ ہندی کو صرف ہندی [۴/۱۱۲] ، نوازا کو نواز [۱۲/۱۳۳] ، رباعی کو ربائی [۱۳/۱۳۷] ، ڈاکٹر سید عبداللہ کو ڈاکٹر عبداللہ بٹ (۱٦/۲۱۰) لکھا ہے

مجموعۂ نغز اور عمل صالح کا مصنف 'نامعلوم' لکھا ہے (ص ۲۰۹ و

۲۱۰) یہ علی الترتیب سیّد ابوالقاسم میر قدرت اللہ قاسم اور محمد صالح کنبوہ لاھوری کی تصانیف ہیں ۔

مصنّف نے لکھا ہے کہ بندرابن داس خوشگو نے ایک تذکرہ ' تذکرۂ شعراء ' کے نام سے تصنیف کیا (ص ۱۱۹) ۔ کیا یہ ' سفینۂ خوشگو ' کے علاوہ ہے؟

مصنف نے اورنگ زیب کے بارے میں اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ وہ ایک متعصب بادشاہ تھا جس نے ہندو رعایا کو اذیت پہنچانے میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا تھا (ص ۲۹) ۔ مگر اپنے اس پندار کو سچ ثابت کرنے کے لیے فاضل کتاب نویس نے جو مثالیں پیش کی ہیں وہ سب اُن کے دعوے کو جھٹلاتی ہیں ۔ یہاں اس بحث کو دہرانے کا محل نہیں ہے محترم مصنف خود ہی اپنے شواہد پر دوبارہ ایک نظر ڈال لیں تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ ان کا مدعّا کچھ اور تھا اور دیئے گئے دلائل کا نتیجہ اس کا نقیض ہے ۔

بسم الله الرحمن الرحیم

من لم یشکر المخلوق لم یشکر الخالق

سپاس خدای را که به ماتوفیق داد تاویژه نامهٔ دانش را به قدر دانی از استاد بزرگوار دکتر غلام سرور اختصاص دهیم و پرده از رخسار پاسداری از پاسداران زبان و ادبیات فارسی شبه قاره برداریم .

اینک مجلّهٔ دانش در صدد است تا درآیندهٔ نزدیک دو ویژه نامهٔ دانش را اختصاص به دوچهرهٔ تابناک ادب فارسی :

دکتر وحید قریشی ، استاد سابق دانشکدهٔ خاور شناسی ، دانشگاه پنجاب ، لاهور (پاکستان)

و استاد حسن عسکری ، استاد بازنشستهٔ زبان و ادبیات فارسی ، دانشگاه پتنه (هند)

قرار دهد .

برای تحقّق این منظور از اساتید و محققان گرامی انتظار داریم که مقالات ارزندهٔ خود را دراین زمینه هرچه زود تر به دفتر دانش ارسال دارند .

مدیر مسؤل دانش

رایزنی فرهنگی جمهوری اسلامی ایران

خانه ۲۵ ـ کوچه ۲۷ ـ ایف ۲/۶

اسلام آباد ـ پاکستان

اقبال اکادمی پاکستان

اقبال

شمارهٔ فارسی

این مجلهٔ تحقیقی علمی دربارهٔ فکر و شعر و اندیشهٔ زندگی علامه محمد اقبال و همچنین فرهنگ و معارف اسلامی، فلسفه، تاریخ، مذهب و ادب در زبان فارسی می باشد.

یک شماره: ۲۵ روپیه پاکستانی ۱۵۰ ریال ایرانی

اقبال اکادمی پاکستان، ۸۱۳۹ نیو مسلم ٹاؤن، وحدت روڈ، لاهور

DANESH

Quarterly Journal
of the
Cultural Consulate the Islamic Republic of Iran

Published by:
Cultural Counsellor of the Islamic Republic of Iran
House No. 25, Street No. 27, F–6/2, Islamabad. Pakistan

DANESH

Quarterly Journal
of the
Cultural Consulate, the Islamic Republic of Iran

A collection of research articles
with background of Persian language
and literature and common cultural heritage
of Iran and Indo-Pak Subcontinent.